روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

مظفرآباد فوڈ اتھارٹی کی کارروائی میں 6 دکانوں سمیت 1 گودام بھی سیل

زیرو پوئنٹ، چھتر کے مقام پر معائنے کے دوران کارروائی عمل میں لائی گئی، غیر معیاری اشیاء پر بھی پابندی برقرار

ملاوٹ سے پاک اشیاء کی فراہمی فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح، انسانی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دینگے، سردار ثاقب

مظفرآباد (صباح نیوز) فوڈ اتھارٹی مظفرآباد کی ملاوٹ مافیا کے خلاف بڑی کارروائی، مظفرآباد شہر میں مختلف مقامات سے دودھ کے 28 سیمپل حاصل کیے گے جن میں سے مضر صحت دودھ فروخت کرنے پر زیرو پوئنٹ اور چھتر کے مقام پر واقع 6 دوکانیں سیل، فوڈ اتھارٹی نے واضح کیا ہے کہ دودھ میں ملاوٹ کرنے والا مافیا کسی رعایت کا مستحق نہیں، بعدازاں فوڈ اتھارٹی نے غیر رجسٹرڈ پاپڑوں سے بھرا گودام سیل کر دیا۔ ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر مظفرآباد سردار محمد ثاقب نے مظفر آباد کے باسیوں سے اپیل ہے کہ جہاں کہیں بھی ملاوٹ مافیا کا جعلی کاروبار دیکھیں فوری طور پر فوڈ اتھارٹی کو مطلع کریں، آپ کے اور آپ (بقیہ 01 صفحہ 03)

بلائینڈ ایسوسی ایشن ”عزم نو“ کا (آج) دن 2 بجے احتجاج کا اعلان

این ٹی ایس میں کامیابی کے بعد اور متعلقہ حکام کی یقین دہانی کے باوجود تاحال ہمیں ہمارے تقرر نامے نہیں دیئے گئے

سول سوسائٹی سے اپیل ہےکہ وہ آج کے دن ہمارے ساتھ کھڑے ہیں، سردار عدنان رزاق، محترمہ کوثر شاہین ودیگر کا خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) بلائنڈ ایسوسی ایشن ”عزم نو“ نے آج بعد نماز جمعہ دن 2 بجے احتجاج کا اعلان کیا ہے اور کہا ہےکہ این ٹی ایس میں پاس سپیشل افراد کو تاحال تقرر نامے نہ دیئے، ضلعی انتظامیہ محکمہ تعلیم اور حکومت وقت کی طرف سے یقین دہانیوں کے باوجود تاحال کوئی بھی پیش رفت نہ ہونے کے خلاف آج راولاکوٹ میں احتجاج کریں گے۔ انہوں نے گزشتہ روز غازی ملت پریس کلب راولاکوٹ کے باہر گزشتہ 2 دنوں سے قائم احتجاجی کیمپ میں صحافیوں سے گفتگو کے دوران کہا کہ جب تک ریاست ہمیں ہمارا حق نہیں دیتی تب تک ہم یہاں سے نہیں اٹھیں گے اور کسی بھی راست اقدام سے گریز (بقیہ 02 صفحہ 03)

باغ، مبینہ طور پر بیرون ملک کا جھانسہ دیکر لوگوں کو لوٹنے والا ملزم گرفتار

متاثرین نے ایف آئی اے کو کارروائی کیلئے درخواست دے رکھی تھی، ملزم نے عدالت سے عبوری ضمانت لے لی تھی

ملزم نوید ظہور عباسی کا تعلق جنڈالہ سے ہے، دیگر متاثرہ افراد کی جانب سے بھی سخت ترین کارروائی عمل میں لائے جانے کا مطالبہ

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بیرون ملک بھیجنے کا جھانسہ دیکر سادہ لوح عوام سے 40 لاکھ اٹھانے والا نوسرباز 6 سال بعد قانون کے شکنجے میں آ گیا، نوید ظہور عباسی نے 6 سال قبل باغ اور دیگر علاقوں کے 27 افراد سے کویت کے ویزے دلانے کا جھانسہ دے کر 40 لاکھ 50 ہزار اینٹھ لیئے اور روپوش ہوگیا، متاثرہ افراد نے ایف آئی اے میں ملزم کیخلاف دادرسی کیلئے رجوع کیا، ملزم نے عدالت سے عبوری ضمانت حاصل کر رکھی تھی، گزشتہ روز دلاور ہمایوں سپیشل جج کی عدالت نے ملزم کی عبوری ضمانت منسوخ کرتے ہوئے ملزم نوید ظہور عباسی ساکن جنڈالہ راولاکوٹ کو جیل بھیج دیا، متاثرین کی طرف سے سینئر قانون (بقیہ 03 صفحہ 03)

امیر جماعت اسلامی سندھ کی الٰہی
بخش سومرو کی وفات
پر اظہار تعزیت

کراچی (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی سندھ وسابق ایم این اے محمد حسین محنتی نے بزرگ سیاستدان اور سابق سپیکر قومی اسمبلی الٰہی بخش سومرو کی وفات پر دلی رنج وغم کا (بقیہ 04 صفحہ 03)

سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق صوبائی دفتر میں سینئر رہنما اسد اللہ بھٹو کی عیادت کر رہے ہیں۔

امت مسلمہ اسرائیلی جارحیت کو روکنے کیلئے اقدامات اٹھائے، جماعت اسلامی

غزہ میں ہسپتال ڈھائے جاچکے ہیں، مریضوں کیلئے ادویات میسر نہیں، بچے دودھ اور بنیادی ضروریات سے یکسر محروم ہیں

انسانی حقوق کے چیمپین ممالک اگر اپنے دعوؤں میں سچے ہیں تو وہ اسرائیلی جارحیت روکنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں، قرارداد

اسلام آباد (صباح نیوز) جماعت اسلامی آزاد کشمیر نے کہا کہ غزہ میں فلسطینیوں کے خلاف اسرائیلی جارحیت پر مسلم ممالک کی مجرمانہ خاموشی وغفلت نے امت مسلمہ کو غیر موثر کردیا اب تک اسرائیلی بربریت میں 45 ہزار فلسطینی شہید ہو چکے ہیں جن میں بچے، بوڑھے، خواتین، مریض سب شامل ہیں۔ زخمی ہونے والوں کی تعداد 2 لاکھ سے اوپر ہے جبکہ 10 لاکھ فلسطینی بے گھر ہو چکے ہیں۔ خوراک کی شدید کمی ہے، ہسپتال ڈھائے جا چکے ہیں (بقیہ 05 صفحہ 03)

کویتی فضائیہ کا ایف 18 طیارہ
گر کر تباہ، پائلٹ جاں بحق

کویت سٹی (صباح نیوز) کویتی فضائیہ کا ایف 18 طیارہ تربیتی پرواز کے دوران گر کر تباہ ہونے سے پائلٹ جاں بحق ہوگیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کویت کی وزارت (بقیہ 06 صفحہ 03)

کوٹلی/فتح پور تھکیالہ: سردار سکندر حیات کی تیسری برسی کے موقع پر پولیس کا چاک و چوبند دستہ سلامی پیش کر رہا ہے۔

کشمیریوں نے بی جے پی پالیسی کو شکست دے دی، نعیمہ احمد مجہور

سری نگر (صباح نیوز) نئی دہلی میں بی جے پی مقبوضہ جموں وکشمیر کی حکومت کے لیے مشکلات پیدا کرے گی۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں انتخابات میں ناکامی پر نئی دہلی کی بی جے پی حکومت سیاسی، معاشی، انتظامی مسائل کے ساتھ ساتھ اندرونی خودمختاری بحال کرنے کی قرارداد کو نظر انداز کرے گی برطانیہ میں مقیم کشمیری خاتون صحافی نعیمہ احمد مجہور نے نیشنل کانفرنس کی قیادت میں مقبوضہ کشمیر کی نئی حکومت (بقیہ 07 صفحہ 03)

سونم وانگچک کی قیادت میں لداخی
کارکنوں کی نئی دہلی میں بھوک
ہڑتال

نئی دہلی (کے پی آئی) لداخ سے تعلق رکھنے والے ماحولیاتی کارکن سونم وانگچک اور ان کے ساتھیوں کی بھارتی دارالحکومت دہلی میں مطالبات کے حق میں غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال مسلسل جاری ہے۔ وانگچک اور ان کا گروپ (بقیہ 08 صفحہ 03)

پیرس: آزاد کشمیر کی وزیر سمال انڈسٹریز پروفیسر تقدیس گیلانی کا فرانس پہنچنے پر استقبال کیا جا رہا ہے۔

سمندری طوفان ”ملٹن“ امریکی ریاست فلوریڈا سے ٹکرا گیا

2 ہزار کے قریب پروازیں منسوخ کردی گئیں، 5 لاکھ افراد بجلی سے محروم ہوگئے

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکہ میں صدی کا سب سے خطرناک سمندری طوفان ”ملٹن“ امریکی ریاست فلوریڈا سے ٹکرا گیا۔ سمندری طوفان کے زیر اثر 195 کلو میٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے طوفانی ہواں کے باعث فلوریڈا میں 2 ہزار پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ تاریخ کے بدترین (بقیہ 09 صفحہ 03)

5 اگست بھارتی اقدام کی کشمیریوں نے توثیق نہیں کی، عمر عبداللہ

جموں وکشمیر اسمبلی کے پہلے اجلاس میں ریاستی درجے کی بحالی کی قرارداد لائیں گے

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ اسمبلی انتخابات کے نتائج جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کرنے کے بی جے پی کی بھارتی حکومت کے اقدام کو کشمیریوں کی طرف سے واضح طور پر مسترد کرنے کی عکاسی کرتے ہیں۔ عمر عبداللہ نے ایک میڈیا انٹرویو میں کہا کہ مینڈیٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ عوام نے بی جے پی کے اگست 2019 کے فیصلے (بقیہ 10 صفحہ 03)

بی جے پی نے کشمیر کو معاشی طور پر تباہ کردیا، ڈاکٹر فاروق عبداللہ

ہمارے بچوں کی نوکریاں غیر مقامیوں کو دی جارہی ہیں زمینوں پر قبضے ہو رہے ہیں

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر کے سابق وزیراعلیٰ اور نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ بی جے پی نے جموں وکشمیر کو معاشی طور پر تباہ و برباد کردیا ہے، ہمارے بچوں کی نوکریاں غیر مقامیوں کو دی جارہی ہے، ان کی زمینوں پر باہر کے لوگوں کو آباد کیا جارہا ہے اور لوگ بنیادی ضروریات سے محروم ہیں۔ پارٹی کارکنوں سے بات چیت میں انہوں نے کہا (بقیہ 11 صفحہ 03)

باغ میں پولیو مہم 28 اکتوبر سے یکم نومبر تک جاری رہے گی

بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے والدین اپنا تعاون کریں، ڈپٹی کمشنر

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر باغ ڈاکٹر راجہ صداقت علی خان نے کہا ہے کہ قومی پولیو مہم 28 اکتوبر سے یکم نومبر تک جاری رہے گی اہلیان باغ اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلائیں اور پولیو ٹیموں کیساتھ ہر ممکن تعاون کریں تاکہ پولیو جیسے موذی مرض سے آنے والی نسلوں کو بچایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قومی پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں گفتگو کرتے (بقیہ 12 صفحہ 03)

باغ: پونچھ فیسٹول میں شاندار صحافتی خدمات پر محمود راٹھور کو چیئرمین نعیم فاروق و دیگر ایوارڈ پیش کر رہے ہیں۔

جنرل پوسٹ آفس مظفرآباد میں یوم ڈاک کے موقع پر تقریب

پاکستان پوسٹ کا شمار پاکستان کے اولین محکموں میں ہوتا ہے، مقررین

مظفرآباد (صباح نیوز) جنرل پوسٹ آفس مظفرآباد میں یوم ڈاک کے موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت ڈپٹی چیف پوسٹ ماسٹر صفدر مغل نے کی۔ تقریب میں ڈاکخانہ کی اہمیت اور سروس کا ذکر کیا گیا۔ سروس میں ویسٹرن یونین، رجسٹر پارسل، سی او ڈی، پوسٹل (بقیہ 13 صفحہ 03)

اقوام متحدہ سے فلسطینیوں کی نسل کشی کے خاتمے کیلئے کردار پر زور

سابق امیر جماعت اسلامی کی کراچی میں صوبائی دفتر کے دورے کے موقع پر گفتگو

کراچی (صباح نیوز) سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ غزہ سے لیکر فلسطین تک امت کے تمام مسائل کا واحد حل اتحاد امت میں ہے۔ اقوام متحدہ اور عالمی ضمیر کو فلسطینیوں کی نسل کشی کے خاتمے کے لیے اہم کردار ادا کرنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی (بقیہ 14 صفحہ 03)

شکار پور، ڈاکوؤں کی مسافر کوچ پر فائرنگ، ایک شخص جاں بحق، 5 زخمی

واقعہ کے بعد مسافروں کا انڈس ہائی وے پر احتجاج، ٹریفک کی روانی متاثر

شکار پور (صباح نیوز) شکار پور میں انڈس ہائی وے پر ڈاکوؤں نے مسافر کوچ پر اندھا دھند فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 5 زخمی ہو گئے۔ شکار پور کے نیپر کوٹ تھانہ کی حدود میں کراچی سے کشمور جانے والی مسافر کوچ سے ڈاکوؤں نے لوٹ مار کی کوشش کی۔ مسافر کوچ (بقیہ 15 صفحہ 03)

راولاکوٹ: سردار محمد ایوب پونا کیپٹن حسین خان شہید تحریک آزادی کی اہم شخصیت محمد نعیم وزیر دین کے بیٹے سے ملاقات کر رہے ہیں۔

کپواڑہ کے علاقے کرال گنڈ میں
تلاشی آپریشن

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں ہندواڑہ بارہمولہ شاہراہ پر ایک مشکوک چیز برآمد ہونے کے بعد ٹریفک معطل کر (بقیہ 16 صفحہ 03)

سری نگر میں پیش آنے والے
حادثات میں دو افراد جاں بحق

سری نگر (کے پی آئی) سری نگر میں پیش آنے والے حادثات میں دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ شہر کے علاقے ٹینگ پورہ میں (بقیہ 17 صفحہ 03)

اطلاعِ عام

24 اکتوبر 2024ء کو روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ کی

کامیاب اشاعت کے 14 سال مکمل ہو رہے ہیں

اس موقع پر **خصوصی اشاعت** کا اہتمام کیا گیا ہے۔
قارئین کرام اپنے اشتہارات، مضامین، مراسلے چھپوانے
کے لئے 24 اکتوبر 2024ء سے قبل رابطہ فرمائیں۔

انتظامیہ

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
0344-1522886 / 0315-5912105

فلسطینیوں کی مدد کیلئے ٹھوس و مربوط فیصلے ناگزیر ہیں، اعجاز صدیقی

بلاول بھٹو زرداری نے فلسطین کے حق میں دوٹوک موقف اختیار کر کے 25 کروڑ پاکستانیوں کی حقیقی ترجمانی کی ہے۔

پاکستانی عوام سیاسی جماعتوں اور حکومت کی طرف سے متفقہ طور پر لائحہ عمل اور موقف وقت کی ایک اہم ترین ضرورت ہے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی ڈپٹی چیف آرگنائزر راجہ اعجاز صدیقی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے فلسطین کے حق میں دوٹوک موقف اختیار کر کے 25 کروڑ پاکستانیوں کی حقیقی ترجمانی کی ہے۔ اسرائیلی جارحیت کے خلاف پاکستانی عوام سیاسی جماعتوں اور حکومت کی طرف سے متفقہ لائحہ عمل اور موقف وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں (بقیہ 18 صفحہ 03)

پی ٹی آئی رہنما زرتاج گل کا نام
پاسپورٹ کنٹرول لسٹ سے نکال دیا
گیا

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما زرتاج گل کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ (پی سی ایل) سے نکال دیا (بقیہ 19 صفحہ 03)

مولانا کی مرضی کے بغیر آئینی ترمیم آنا مشکل ہے، فواد چوہدری

آئینی ترمیم نہ لانے کا مطلب یہ ہے کہ ان کے نمبرز پورے نہیں ہیں، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) سابق وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمن کی مرضی کے بغیر آئینی ترمیم آنا بڑا مشکل ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ اگر بلاول بھٹو یا نواز شریف اتنے جمہوری ہوتے تو وہ مسئلے ہی نہ ہوتے جو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرسی کے لیے بلاول بھٹو نے ہر اصول کو ذبح کر دیا جس کے (بقیہ 20 صفحہ 03)

گرینڈ جرگہ انسداد منکرات و منشیات کا ماہانہ اجلاس، مختلف مسائل پر گفتگو

شاہرات کی ٹوٹ پھوٹ، شاہرات پر بہتا ہوا پانی، ٹریفک کے بے ہنگم رش جیسے دیگر بے شمار امور پر تبادلہ خیال

پیش رفت کیلئے طریقہ کار طے کرتے ہوئے آگے بڑھنے کیلئے عزم کا اظہار، اہلیان کھڑک کی کاوشوں پر بھی خراج تحسین

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) منشیات نوجوان نسل کو نگل رہی ہے ہر ایک کو اپنی ذمہ داری پوری کرنی پڑے گی۔ راولاکوٹ شہر کی شاہرات بے شمار مقامات سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہے۔ شاہرات پر بہتا، چلتا ہوا پانی، ٹریفک کا بے ہنگم ہجوم جیسے دیگر بے شمار امور پر تبادلہ خیال و عملی اقدامات کیلئے حکمت عملی اور طریقہ کار پر پیش رفت طے ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق گرینڈ جرگہ انسداد منکرات و منشیات کا ماہانہ اجلاس جس میں شہری ماحول و معاشرہ میں کامل اصلاح پہلو پر تفصیلاً گفتگو کی گئی۔ تاہم باہمی مشاورت سے بے شمار امور طے پائے۔ جس پر پیش رفت کیلئے طریقہ کار طے کرتے ہوئے (بقیہ 21 صفحہ 03)

راولاکوٹ: گرینڈ جرگہ انسداد منکرات و منشیات کا ماہانہ اجلاس اور شرکاء کا گروپ فوٹو۔

کشمیر کا دفاع ایٹمی قوت کے حامل ملک کے پاس ہے، سیرت کانفرنس

ہمارا دفاع اگر ایک مضبوط ملک اور ہاتھوں میں نہ ہوتا تو آج حالات مقبوضہ جموں کشمیر یا فلسطین جیسے ہی ہو چکے ہوگے

کشمیر کا بچہ بچہ تکمیل پاکستان کے لیے کٹ مرنے کو تیار ہے، ڈائریکٹر محکمہ امور دینیہ مفتی حافظ نزیر ودیگر مقررین کا خطاب

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر محکمہ امور دینیہ مفتی حافظ نزیر احمد قادری، ڈپٹی کمشنر راجہ صداقت علی خان، چیئرمین علماء مشائخ کونسل مولانا امتیاز احمد صدیقی، ضلع مفتی باغ سید وجاہت حسین گردیزی نے کہا ہے کہ باطل مسلمانوں کو الجھا کر ان پر حکومت قائم کرنا چاہتا ہے غزہ، کشمیر سمیت ہر جگہ مسلمانوں کو شہید کیا جا رہا ہے امت مسلمہ ہی کے جھنڈے تلے جمع ہو کر باطل کو شکست دے سکتی ہے نبی کریم کی سیرت سے پوری دنیا کے انصاف پسند (بقیہ 22 صفحہ 03)

باغ، ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام بیداری شعور کانفرنس آج ہوگی

بازاروں، پلوں ودیگر عمارتوں کو بینرز آویزاں کر کے سجادیا گیا، تمام تیاریاں مکمل

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) باغ، جائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی باغ کے زیر اہتمام بیداری شعور کانفرنس آج ہو گی باغ کی مین شاہرات، پل دکانیں گلی محلے بینروں اور جھنڈوں سے سجا دیے گئے تاجران شہریان سول سوسائٹی سمیت عوام میں ہر بوڑھا اور بچہ ایکشن کمیٹی کی قیادت کے (بقیہ 23 صفحہ 03)

سونے کی قیمت میں 500 روپے
فی تولہ کمی

کراچی (صباح نیوز) سونے کی قیمت میں مزید کمی ہوگئی۔ آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق گزشتہ روز (بقیہ 24 صفحہ 03)

مظفرآباد: حیدر میموریل ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام سابق وزیراعظم سکندر حیات خان کی برسی کے موقع پر سابق وزیر تورین عارف ودیگر خطاب کر رہے ہیں۔

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom
کشمیر دھرتی
HD NEWS
NEWS

چیف ایڈیٹر وپبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | Member AKNS | ABC Certified

www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com

روزنامہ
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام

جلد03 | جمعۃ المبارک 11 اکتوبر 2024ء، 07 ربیع الثانی 1446ھ 27 اسوج 2081 | صفحات04 / قیمت20 روپے | شمارہ نمبر169

مقبوضہ کشمیر اسمبلی میں آزاد کشمیر کے لیے مختص 24 نشستیں خالی رکھنے کا فیصلہ

ریاستی اسمبلی کے انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی کو شکست، کشمیری ریاستی جماعت نیشنل کانفرنس نے میدان مار لیا

پانچ پر نامزدگیاں ہوں گی جو کہ غیر آئینی طور پر لیفٹیننٹ گورنر نامزد کریں گے، بی جے پی کی انتخابی مہم پر سوالیہ نشان

مظفرآباد (صباح نیوز) مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوج کی زیر نگرانی ریاستی اسمبلی کے انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی کو شکست، کشمیری ریاستی جماعت نیشنل کانفرنس نے میدان مار لیا۔ کشمیری عوام نے نریندر مودی کا موقف یکسر مسترد کر دیا۔ نیشنل کانفرنس نے الیکشن مہم کے دوران دفعہ 370 اور 35A بحال کرنے کا وعدہ کیا تھا کشمیری عوام نے بی جے پی کا موقف مسترد کرتے ہوئے بھارتی نواز کشمیری جماعت کے اعلان کو تقویت دیتے ہوئے آ (بقیہ 29 صفحہ 03)

سدہنوتی محکمہ لوکل گورنمنٹ کے دو اہلکاران کو محکمہ اینٹی کرپشن نے بدعنوانی کے الزام میں گرفتار کر لیا، مقدمہ درج

شہزاد حسین ولد محمد رئیس خان سکنہ چھلاڑ سدہنوتی پر الزام تھا کہ انہوں نے مڈل سکول چھلاڑ کے گراونڈ کی تعمیر کے نام پر سرکاری خزانہ سے فراڈ و جعلسازی کے ذریعے کثیر رقم میں خرد برد کی

ملزمان کے دیگر شریک جرم ساتھیوں و سہولت کاروں کی گرفتاری کیلئے ٹیم تشکیل، جلد گرفتاری متوقع، کرپشن، سرکاری خزانہ کی لوٹ مار، جعلسازیوں کے حوالہ سے زیر کار کیسز کو جلد یکسو کرنے کی ہدایت

مظفرآباد (پی آئی ڈی) محکمہ اینٹی کرپشن نے ضلع سدہنوتی میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے افسران کو فرضی منصوبے کے نام پر سرکاری رقم کے خرد برد کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ محکمہ اینٹی کرپشن میں کسی گل محمد خان ولد کرم شیر خان سکنہ چھلاڑ شرقی (سدہنوتی) بخلاف شہزاد حسین ولد محمد رئیس خان سکنہ چھلاڑ سدہنوتی تحریری شکایت موصول ہوئی کہ مڈل سکول چھلاڑ کے گراونڈ کی تعمیر کے نام پر سرکاری خزانہ سے فراڈ و جعلسازی کے ذریعے کثیر رقم خرد برد کی گئی ہے۔ شکایت موصول ہونے پر ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن کے احکامات پر باقاعدہ تحقیقات سے پایا گیا کہ گرلز مڈل سکول چھلاڑ میں صدر معلمہ نے سرکاری فنڈز دستیاب نہ ہونے کے باعث اپنی مدد آپ کے تحت طالبات کیلئے گراونڈ کی تعمیر کروائی جبکہ ایم ایل اے فنڈز کے خلاف تعمیر گراونڈ کیلئے مبلغ تین لاکھ روپے فراہم ہوئے (بقیہ 25 صفحہ 03)

سرینگر، حالیہ انتخابات سے قبل خفیہ ایجنسیوں کی کاروائیاں

ایجنسیوں نے پی ڈی پی کے 40 لوگوں کو پارٹی چھوڑنے پر مجبور کیا

سری نگر (کے پی آئی) پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے نومنتخب رکن جموں وکشمیر اسمبلی رہنما وحید الرحمان پرہ نے کہا ہے کہ آرٹیکل 370 کی منسوخی کے خلاف احتجاج پر بھارتی ایجنسیوں (بقیہ 26 صفحہ 03)

کوٹلی: راجہ فاروق حیدر و دیگر سردار سکندر حیات خان کی قبر پر پھول چڑھا رہے ہیں۔

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا امکان

اسلام آباد (صباح نیوز) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل پانچ بار کمی (بقیہ 27 صفحہ 03)

علاقائی خوشحالی کے ہدف کے حصول کیلئے مل کر کام کرنے پر زور

پاکستان کی معیشت پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن ہے، پاک سعودی بزنس فورم

اسلام آباد (صباح نیوز) پاک سعودی عرب بزنس فورم نے کہا ہے کہ علاقائی خوشحالی کے ہدف کے حصول کے لئے مل کر کام کرنا چاہیے، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان (بقیہ 28 صفحہ 03)

آزاد کشمیر میں 40 فیصد افراد مختلف اقسام کے ذہنی امراض کا شکار ہیں، رپورٹ

تعلیمی اداروں صحت کے مراکز اور ہسپتالوں میں "ذہنی صحت کے عالمی دن" کے حوالے سے تقاریب کا انعقاد کیا گیا

دنیا بھر میں تقریباً ایک بلین سے زائد افراد جبکہ پاکستان و آزاد کشمیر میں 40 فیصد افراد ذہنی بیماریوں کا شکار ہیں، رپورٹ

مظفرآباد (دھرتی نیوز) دارالحکومت آزاد کشمیر میں مختلف تعلیمی اداروں صحت کے مراکز اور ہسپتالوں میں گزشتہ روز دس اکتوبر کو "ذہنی صحت کے عالمی دن" کے حوالے سے تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ دنیا بھر میں دس اکتوبر عالمی دن برائے دماغی صحت کے حوالے سے منایا جاتا ہے۔ گزشتہ (بقیہ 45 صفحہ 03)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف فیڈرل کیبنٹ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں۔

5 آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے ختم کرنے کا اعلان

اس اقدام سے بجلی صارفین کو 60 ارب روپے سالانہ کا فائدہ اور بجلی کے فی یونٹ نرخ میں کمی واقع ہوگی، پہلے قطرے کی مانند عوامی ریلیف کے شروعات میں کلیدی کردار ادا کیا، شہباز شریف

بجلی کے شعبے میں دیگر آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں پر بتدریج نظرثانی کر کے ٹیرف میں کمی لائی جائے گی، وقت آ گیا ہے کہ عوام کی مشکلات کا ازالہ کیا جائے، اعلیٰ سطح کے اجلاس میں بات چیت

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے پہلے مرحلے میں 5 آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ وزیراعظم کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں آئی پی پیز معاہدوں کو ختم کرنے کا آغاز کر دیا گیا۔ اس اقدام سے بجلی صارفین کو 60 ارب روپے سالانہ کا فائدہ اور بجلی کے فی یونٹ نرخ میں کمی واقع ہوگی اور مجموعی طور پر قومی خزانے کو 411 ارب روپے کی بچت ہوگی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اللہ کے فضل و کرم سے ملکی معیشت استحکام کی جانب تیزی سے گامزن ہے، پارٹی کے منشور میں عوامی ریلیف کیلئے دن رات محنت کرنے کے وعدے کو وفا کر دیا، پہلے مرحلے میں 5 آئی پی پیز کے ساتھ بجلی خریدنے کا معاہدہ ختم کر رہے ہیں بجلی صارفین کو سالانہ 60 ارب اور مجموعی طور پر قومی خزانے کو 411 ارب روپے کی (بقیہ 30 صفحہ 03)

محکمہ اطلاعات کی ڈی ایس این جی وین کے ساتھ آزمائشی لائیو کوریج کا کامیاب تجربہ

سندھ کے بعد آزاد کشمیر کے محکمہ نے لائیو کوریج کیلئے DSNG وین تیار کرنے میں دیگر صوبوں پر سبقت حاصل کر لی

آزمائشی طور پر پاکستان ٹیلیویژن کی فریکوئنسی سے سگنل سیٹلائٹ کے ذریعے اپ لنک کیا گیا جس کی تصدیق بھی موصول ہوئی

اسلام آباد (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر چوہدری انوار الحق کے ویژن اور آزاد کشمیر کے وزیر اطلاعات پیر محمد مظہر سعید شاہ کی قیادت میں محکمہ اطلاعات نے ایک اور سنگ میل عبور کر لیا۔ محکمہ کی تیار کردہ ڈی۔ایس۔این۔جی وین کے ساتھ آزمائشی لائیو کوریج کی کامیاب ٹیسٹنگ کر لی گئی۔ محکمہ اطلاعات سندھ کے بعد آزاد کشمیر کے محکمہ اطلاعات نے لائیو کوریج کے لیے DSNG وین تیار کرنے میں دیگر صوبوں پر سبقت حاصل (بقیہ 46 صفحہ 03)

اسلام آباد: آزاد کشمیر کے وزیر اطلاعات پیر محمد مظہر سعید شاہ محکمہ اطلاعات کی تیار کردہ DSNG وین کے ذریعے لائیو کوریج کی ٹیسٹنگ کا معائنہ کر رہے ہیں۔

تنازعات ایک میٹنگ میں حل نہیں ہو سکتے، چیف جسٹس

وکیلوں کا کام صرف یہ ہے کہ آ کر کھڑے ہو جاؤ اور مخالفت کرو، سخت ریمارکس

اسلام آباد (صباح نیوز) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا ہے کہ پیسے اور جائیداد پر کمپرومائز کرنا بہت آسان ہوتا ہے۔ پرانے تنازعات ایک میٹنگ میں حل نہیں ہو سکتے، بعض اوقات فریقین کو اگر براہ راست آپس میں بٹھایا جائے تو معاملہ حل ہونے کی بجائے اور خراب ہو جاتا ہے، کوئی کہتا ہے مجھ سے ہاتھ نہیں ملایا کوئی کہتا ہے مجھے گھور کر دیکھا۔ ہر کوئی ہر چیز چاہتا (بقیہ 31 صفحہ 03)

ایس سی او اجلاس، وفاقی وزیر داخلہ کا اسلام آباد کا دورہ

اسلام آباد (صباح نیوز) شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد کا دورہ کیا ہے۔ محسن نقوی نے ڈی چوک، شاہراہ دستور، مری روڈ اور اسلام آباد ایکسپریس (بقیہ 32 صفحہ 03)

JKPP کے مرکزی عہدیداران و ایڈوائزری کمیٹی کا مشترکہ اجلاس

مقبوضہ کشمیر میں منعقدہ نام نہاد انتخابات میں 5 اگست کے ذمہ داران کو شکست فاش دینے پر کشمیری عوام کو خراج تحسین پیش

فلسطینی عوام پر اسرائیلی مظالم کے خلاف شدید تشویش، یوم تاسیس 24 اکتوبر کے حوالے سے ایک کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی

اسلام آباد (دھرتی نیوز) جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے مرکزی عہدیداران اور ایڈوائزری کمیٹی کا مشترکہ اجلاس کورال چوک اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے مرکزی صدر و ممبر قانون ساز اسمبلی سردار حسن ابراہیم خان نے فلسطینی عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کی مذمت کی، مقبوضہ کشمیر میں منعقد ہونے والے نام نہاد انتخابات میں 5 اگست کے ذمہ داران کو شکست فاش دینے پر کشمیری عوام کو خراج (بقیہ 33 صفحہ 03)

کوٹلی، سابق صدر، وزیراعظم سردار سکندر حیات خان کی برسی

سیاسی خدمات پر بھرپور الفاظ میں خراج عقیدت، مختلف زعماء کرام کی شرکت

کوٹلی/فتح پور تھکیالہ (پی آئی ڈی) آزاد جموں و کشمیر سابق صدر، وزیراعظم سالار جمہوریت سردار سکندر حیات خان کی تیسری برسی جمعرات کے روز پوری عقیدت و احترام کیساتھ منائی گئی صبح ان کی قبر پر قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا، پولیس کے دستہ نے سلامی دی، وزیراعظم چوہدری انوار الحق اور ضلعی انتظامیہ کی طرف سے ڈپٹی کمشنر چوہدری حق نواز نے سابق وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر و سابق وزراء اکرام کے ہمراہ قبر پر پھول چڑھائے اسکے بعد کھلے پنڈال میں دعائیہ تقریب میں مرحوم کی (بقیہ 34 صفحہ 03)

مشکلات کے باوجود پاکستان کے معاشی اشاریے بہتر ہوئے، آئی ایم ایف

اسلام آباد (صباح نیوز) آئی ایم ایف پروگرام اور توسیعی فنڈ کی سہولت (ای ای ایف) حکومتی نظام میں ڈھانچہ جاتی اصلاحات کے ذریعے ایک ترقی پسند پاکستان کا تصور پیش کرتا ہے جس (بقیہ 35 صفحہ 03)

وزیراعظم کے اعلان پر عملدرآمد، فائر بریگیڈ کی گاڑی گھائیگلہ پہنچ گئی

ڈی سی پونچھ نے ایک تقریب میں چابی ایس ایچ او کھائی گلہ کے حوالے کی

کھائی گلہ (نمائندہ خصوصی) کھائی گلہ میں فائر بریگیڈ کی گاڑی حوالگی کی تقریب "ڈپٹی کمشنر پونچھ ڈویژن نے فائر بریگیڈ گاڑی کی چابی ایس ایچ او کھائی گلہ اور یس مثل کے حوالے کی" تقریب کا اہتمام ٹاؤن کمیٹی کھائی گلہ نے کیا تھا۔ اس موقع پر ممبران ٹاؤن کمیٹی کھائی گلہ، تاجران و معززین نے تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے وزیراعظم آزاد کشمیر کے دورے کو علاقے کی پسماندگی (بقیہ 44 صفحہ 03)

کھائی گلہ: ڈی سی پونچھ فائر بریگیڈ کی گاڑی کی چابی ایس ایچ او کھائی گلہ کے حوالے کر رہے ہیں۔

سابق وزیراعظم تنویر الیاس کی اپیل پر سماعت آج ہوگی، کاز لسٹ جاری

چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس راجہ سعید اکرم کی سربراہی میں جسٹس خواجہ نسیم، جسٹس رضا علی پر مشتمل بینچ سماعت کرے گا

سردار تنویر الیاس نے خود کو بطور وزیراعظم، ممبر اسمبلی نااہل قرار دینے، موجودہ وزیراعظم کے انتخاب کے خلاف اپیل دائر کی تھی

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد کشمیر سپریم کورٹ میں وزیراعظم چوہدری انوار الحق کے خلاف مقدمہ کی سماعت جمعہ کو ہوگی۔ چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس راجہ محمد سعید اکرم کی سربراہی میں جسٹس خواجہ محمد نسیم جسٹس رضا علی خان پر مشتمل فل بینچ سماعت کرے گا۔ مقدمہ کے فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے گئے ہیں سابق وزیراعظم تنویر الیاس خان نے خود کو بطور وزیراعظم اور ممبر اسمبلی نااہل قرار دینے اور وزیراعظم چوہدری انوار الحق کے انتخاب (بقیہ 47 صفحہ 03)

سعودی وزیر سرمایہ کاری کی زیر قیادت وفد کی آرمی چیف سے ملاقات

باہمی دلچسپی کے امور، مختلف شعبوں میں بڑھتے ہوئے برادرانہ دو طرفہ تعاون پر گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) سعودی عرب کے سرکاری اور کاروباری وفد نے سعودی وزیر سرمایہ کاری خالد بن عبدالعزیز الفالح کی قیادت میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق راولپنڈی میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور سعودی وفد کی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور خاص طور پر مختلف (بقیہ 48 صفحہ 03)

اسرائیل کا احتساب ہونا چاہیے، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ وثقافت عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ایس سی او کے پاکستان میں انعقاد سے پاکستان کے تشخص اور روشن مستقبل کو تقویت ملے گی۔ مشرق وسطیٰ میں قیام امن کے بغیر دنیا میں (بقیہ 49 صفحہ 03)

ٹیکنالوجی کونسل کا جامعہ پونچھ شعبہ کمپیوٹر ٹیکنالوجی کے معیار پر اظہار اعتماد

نیشنل کونسل نے اپنے دورہ کے موقع پر لیبارٹریز، لائبریریز، فیکلٹی سمیت طلبہ کیلئے دستیاب سہولیات کے معیار کا جائزہ لیا

کونسل کی سفارشات پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈین فیکلٹی ڈاکٹر محبوب عالم نے بریفنگ دی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) نیشنل ٹیکنالوجی کونسل نے جامعہ پونچھ کے دورہ کے موقع پر فیکلٹی آف انجینئرنگ کے شعبہ کمپیوٹر انجینئرنگ ٹیکنالوجی میں معیار اور سہولیات کا جائزہ لیا۔ نیشنل سکلز یونیورسٹی کے ڈاکٹر سعود الطاف کی سربراہی میں ڈاکٹر بابر خان (ایکسپرٹ)، حافظ غلام محمد (نمائندہ نیشنل ٹیکنالوجی کونسل) پر مشتمل ٹیم نے جامعہ میں طلباء و طالبات کیلئے دستیاب سہولیات کیساتھ شعبے کی لیبارٹریز، لائبریری، فیکلٹی کی دستیابی اور استعداد کار کا جائزہ لیا۔ قبل ازیں رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان کی زیر صدارت اجلاس میں ڈین فیکلٹی آف انجینئرنگ پروفیسر ڈاکٹر محبوب عالم نے شعبے (بقیہ 36 صفحہ 03)

انتظار پنجوتھا کی گمشدگی پر وزارت دفاع سے رپورٹ طلب

انتظار پنجوتھا کی آخری لوکیشن ایف 6 ہے جس کے بعد معلوم نہیں کہاں گئے، وکیل

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کے فوکل پرسن انتظار پنجوتھا کی بازیابی کی درخواست پر وزارت دفاع سے رپورٹ طلب کر لی۔ جمعہ کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی کے فوکل پرسن انتظار پنجوتھا کی بازیابی کی درخواست پر سماعت ہوئی، آئی جی اسلام آباد عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ آخری لوکیشن کس جگہ کی ہے؟ وکیل (بقیہ 43 صفحہ 03)

بھارتی جوہری مواد کی چوری اور غیر قانونی فروخت پر تشویش

چوری اور فروخت کی سلامتی کونسل کو فوری طور پر تحقیقات کرنی چاہئیں، منیر اکرم

نیویارک (صباح نیوز) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ بھارت میں جوہری مواد کی چوری اور غیر قانونی فروخت کے واقعات پر پاکستان کو تشویش ہے، جوہری مواد چوری اور فروخت کی سلامتی کونسل کو فوری طور پر تحقیقات کرنی چاہئیں (بقیہ 42 صفحہ 03)

راولاکوٹ: جموں وکشمیر پیپلز پارٹی کے صدر ممبر اسمبلی سردار حسن ابراہیم پارٹی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

راجہ فاروق حیدر کا موجودہ سیاسی صورتحال کے خلاف مزاحمت کا اعلان

حکومت، اپوزیشن سب پی ٹی آئی کی ہے، نائیٹ کوچ وزیراعظم رات کو اجلاس بلاتے ہیں، عدالتی صورتحال بھی ٹھیک نہیں

سکندر حیات خان کے میری ذات پر بے شمار احسانات، شدید دکھ ہے کہ وہ کون لوگ تھے جنہوں نے ہم سے ہمارا یہ سرمایہ چھینا

کوٹلی/مظفرآباد (خصوصی خبر نگار) سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر خان نے آزاد کشمیر کی موجودہ سیاسی صورتحال کے خلاف بھرپور مزاحمت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کا وزیراعظم انوار الحق آج بھی عمران خان کا حامی ہے، اس نے نہ تو 9 مئی کے واقعات کی مذمت کی اور نہ ہی عمران خان کے خلاف کوئی بیان دیا، اس وقت حکومت اور اپوزیشن سب پی ٹی آئی کی ہے، نائیٹ کوچ وزیراعظم رات کو اجلاس بلاتے ہیں، عدالتی (بقیہ 50 صفحہ 03)

ایس ای او کانفرنس: غیر ملکی سفارت کاروں کی نقل وحرکت محدود

ٹریفک پولیس کے جاری پلان کو فالو کریں، دفتر خارجہ کا سفارت کاروں کو خط

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستانی دفتر خارجہ نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کانفرنس کے دوران غیر ملکی سفارت کاروں کو نقل وحرکت محدود رکھنے کی ہدایت کر دی۔ ایک نجی ٹی وی کے مطابق دفتر خارجہ کی جانب سے وفاقی دارالحکومت میں ہونے والے ایس سی او اجلاس کے دوران غیر ملکی سفارت کاروں کو نقل وحرکت محدود رکھنے کیلئے خط لکھا گیا ہے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے لکھے گئے خط میں لکھا گیا کہ اسلام آباد میں 15 اور 16 اکتوبر کو شنگھائی تعاون تنظیم کا اجلاس ہو رہا ہے جس کے لیے حکومت (بقیہ 37 صفحہ 03)

اسلام آباد، 12 سے 16 اکتوبر تک شادی ہالز، ریسٹورنٹ اور سنوکر کلب بند کرنے کا حکم

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد میں 12 سے 16 اکتوبر تک شادی ہالز، کیفے، ریسٹورنٹ اور سنوکر کلب بند کرنے کا حکم جاری کر دیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں شنگھائی تعاون (بقیہ 38 صفحہ 03)

ایڈہاک ملازمین کی کمیٹی کا اجلاس، ترمیمی مسودہ اسمبلی میں پیش کرنے کا مطالبہ

مختلف محکمہ جات میں اس وقت 4500 کے قریب ملازمین ہیں جن میں اکثریت کی مدت ملازمت پچیس سال ہو چکی ہے

ملازمین کی اکثریت اپنی عمر کی بالائی حد کراس کر چکی ہے، اور وہ ذہنی کرب واذیت میں مبتلا ہیں، کمیٹی ممبران کی اجلاس میں گفتگو

مظفرآباد (دھرتی نیوز) کور کمیٹی ایڈہاک و عارضی ملازمین کا اجلاس، ملازمت مستقل ملازمت کا مسودہ جلد از جلد اسمبلی میں پیش کرنے کی اپیل کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ایڈہاک و عارضی ملازمین آزاد کشمیر کی کور کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز مظفرآباد میں ایک مقامی ہوٹل پر منعقد ہوا اجلاس میں حکومت آزاد کشمیر سے اپیل کی گئی کہ مختلف محکموں میں تعینات 45 سو ایڈہاک و عارضی ملازموں کو مستقل کر کے ان کے سر پر ملازمت سے فراغت کی تلخی سے تحفظ فراہم کیا جائے۔ اجلاس میں ایڈہاک و عارضی ملازمین کو مستقل کرنے کے حوالے سے حکومتی اقدامات کو سراہا گیا، اس وقت آزاد کشمیر کے مختلف محکمہ (بقیہ 39 صفحہ 03)

کشمیری مسلمانوں کو بی جے پی حکومت کی طرف سے نسل کشی کا سامنا

حالیہ انتخابات میں کشمیریوں نے بی جے پی کے خلاف اپنی نفرت کا اظہار کر دیا

سری نگر (کے پی آئی) کشمیری مسلمانوں کو بی جے پی حکومت کی طرف سے نسل کشی کا سامنا ہے جس کے باعث حالیہ انتخابات میں کشمیریوں نے بی جے پی کے خلاف اپنی نفرت کا اظہار کر دیا ہے۔ یاد رہے مودی حکومت نے بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں حق خود ارادیت کی (بقیہ 41 صفحہ 03)

اسلام آباد، 14 تا 16 اکتوبر تک ہیوی ٹریفک کا داخلہ بند رہے گا

زیرو پوائنٹ، فیصل ایونیو سے کورال چوک تک ایکسپریس وے پر ٹریفک بند ہوگی

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 14 تا 16 اکتوبر تک ہیوی ٹریفک کا داخلہ بند رہے گا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق لاہور جی ٹی روڈ سے اسلام آباد اور راولپنڈی ہیوی ٹریفک چک بیلی روڈ سے چکری موٹروے استعمال کرے گا۔ ایف 5، جی 5 اور جی 6 مارگلہ روڈ سے (بقیہ 40 صفحہ 03)

کل جماعتی یکجہتی فلسطین وکشمیر کانفرنس 13 اکتوبر کو راولاکوٹ میں ہوگی

صدر، وزیراعظم اور تمام سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے سربراہان شریک ہوں گے

اسلام آباد (پ ر) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر گلگت بلتستان کے زیر اہتمام کل جماعتی یکجہتی فلسطین وکشمیر کانفرنس 13 اکتوبر بروز اتوار راولاکوٹ میں منعقد ہوگی، کانفرنس میں صدر ریاست آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری، وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر انوار الحق چوہدری سابق وزراء اعظم، تمام سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے سربراہان شریک ہوں گے، (بقیہ 51 صفحہ 03)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا خیبر پختونخوا ہاؤس کو ڈی سیل کرنے کا حکم

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا ہاؤس اسلام آباد کو ڈی سیل کرنے کا حکم دے دیا۔ درخواست میں وزارت قانون، داخلہ، آئی جی، رینجرز، ایف آئی اے، سی (بقیہ 52 صفحہ 03)

جہلم ویلی میں ٹریفک کے حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا

گزشتہ آٹھ روز میں سرینگر مظفرآباد روڈ ضلع جہلم ویلی میں چوتھا حادثہ ہے

چناری (صباح نیوز) آزاد کشمیر کا ضلع جہلم ویلی میں ٹریفک کے حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا سرینگر مظفرآباد روڈ، سیلانی بازار ہٹیاں بالا سے سینکڑوں فٹ بلندی سے دریائے جہلم میں جا گری، جس کے نتیجہ میں نوجوان ڈرائیور آفاق اعوان ولد مشتاق اعوان ساکنہ لوگراں شدید زخمی ہو گئے، حادثہ کی اطلاع ملتے ہی چیئرمین میونسپل کمیٹی ہٹیاں بالا سجاد الحسن، ڈی ایس پی راجہ عبدالخالق، ایس ایچ او تھانہ ہٹیاں بالا تنویر الحسن، سابق صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب ہٹیاں بالا اعجاز احمد میر، سابق جنرل سیکرٹری (بقیہ 54 صفحہ 03)

صدر مملکت دو روزہ دورے پر ترکمانستان کے شہر اشک آباد پہنچ گئے

اشک آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری دو روزہ دورے پر ترکمانستان کے شہر اشک آباد پہنچ گئے، اشک آباد ایئرپورٹ آمد پر صدر مملکت کا استقبال ترکمانستان کے وزرا (بقیہ 53 صفحہ 03)

کھائی گلہ: ڈی سی پونچھ ڈویژن ممتاز کاظمی، حاجی عبدالرشید، ایس ایس پی ریاض مغل و دیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

بقیہ 1

کے بچوں کی صحت کی ضامن فوڈ اتھارٹی مظفرآباد ہے۔سردار ثاقب نے کہا کہ ملاوٹ سے پاک اشیاء خورد ونوش کی فراہمی فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے۔انسانی جانوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔انہوں نے کہا کہ صحت مند غذا کا استعمال انسانی جانوں کے لیے انتہائی اہم ہے۔ٹیم فوڈ اتھارٹی شہریوں کو معیاری اشیاء خورد ونوش کی فراہمی کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔عوام ایکسپائر اور مضر صحت اشیاء ہرگز نہ خریدیں اور ایسے عناصر کی فوڈ اتھارٹی کو شکایت کریں تاکہ ان کے خلاف کارروائی ہو سکے۔

بقیہ 2

نہیں کیا جائے گا۔مقررین نے کہا کہ باغ سے تعلق رکھنے والا ایک نوجوان جس نے ٹرپل ایم اے کر رکھا ہے اور راولاکوٹ سے تعلق رکھنے والی ہونہار بیٹی جس نے این ٹی ایس میں نمایاں کامیابی حاصل کی دونوں کو ان کے حقوق نہیں دیے گئے، اس موقع پر جماعت اسلامی راولاکوٹ کے امیر سردار عدنان رزاق، محترمہ کوثر شاہین سمیت دیگر زعماء نے بھی ان سے بھرپور یکجہتی کرتے ہوئے ان کے مطالبات کی مکمل طور پر حمایت کا اعلان کیا ہے اور انہوں نے بھی سول سوسائٹی سے اپیل کی ہے کہ وہ دن 2 بجے پریس کلب کے باہر تشریف لائیں جہاں سے آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا جائے گا۔

بقیہ 3

دان راجہ مسعود الرحمن ایڈووکیٹ نے مقدمہ کی پیروی کی، ملزم نوید عباسی کے مقدمہ کے اندراج اور قرارداد کے اقدام میں جیل میں بند کروانے میں بنیادی کردار ادا کرنے والے راجہ مسعود الرحمن ایڈووکیٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے متاثرہ افراد نے بتایا کہ ہمارے وکیل نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ہم لٹے پٹے افراد کی قانونی مدد کی ہے،انہوں نے بتایا کہ یہ نوسرباز شخص طویل عرصہ سے سادہ لوح لوگوں کو بیرون ملک روزگار دلانے کا جھانسہ دیکر لوٹتا رہا ہے، ایسے سینکڑوں لوگ ہیں جو اس کی تلاش میں یا تو دنیا سے رخصت ہو گئے ہیں یا ذہنی توازن کھو چکے ہیں، حکومت پاکستان، اوورسیز پاکستانی کمیشن، ایف آئی اے اور دیگر ادارے ایسے نوسربازوں کے خلاف سخت ترین اقدامات کریں تاکہ وہ ان انسانی سمگلروں کے چنگل میں پھنسنے سے بچ سکیں۔

بقیہ 4

اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت درجات بلندی و پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ 5

،مریضوں کے لیے ادویات میسر نہیں ہے، بچے دودھ اور بنیادی ضروریات سے یکسر محروم ہیں، انسانی حقوق کے چیمپئن ممالک اگر اپنے دعوؤں میں سچے ہیں تو وہ اسرائیلی جارحیت روکنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں۔ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی آزاد کشمیر ضلع اسلام آباد کی مجلس شوریٰ کے اجلاس میں ایک قرارداد میں کیا گیا، اجلاس کی صدارت ضلعی امیر عطاالرحمن چوہان نے کی قرارداد میں کہا گیا کہ اس وقت دنیا کا بہت بڑا حصہ جنگ بندی کی کوشش کر رہا ہے لیکن اسرائیل جنگ بندی کے لیے تیار نہیں ہے اقوام متحدہ کی اس قرارداد کو بھی مسترد کر دیا گیا جس میں امریکہ نے بھی جنگ بندی کی حمایت کی تھی۔اس طرح کی باقی قراردادیں امریکہ کی طرف سے مسترد ہوتی رہی ہیں۔اسرائیل کی طرف سے چند روزہ عارضی طور پر جنگ بندی کی گئی تھی وہ بھی صرف اس لئے کہ فلسطینیوں کو جہاں کہیں بھی ہیں وہاں پہ ان کو مار ڈالنے کے لئے مزید تیاری کی جا سکے۔امریکہ اس حوالے سے اسرائیل کی مکمل مدد کر رہا ہے۔ برطانیہ جیسے ممالک بھی اس کے ساتھ ہیں۔امریکہ، برطانیہ، آسٹریلیا، انڈیا سمیت اسرائیلی جارحیت کے خلاف مظاہرے ہو چکے ہیں عوام سڑکوں پر ہیں،مسلمان ممالک میں بھی اسرائیلی سفاکیت کے خلاف احتجاج ہوئے ہیں مگر مسلمان ممالک متحد نہیں ہیں، نفاق کا شکار ہیں جس کا فائدہ مسلمان مخالف قوتیں اٹھا رہی ہیں۔اسرائیل کی طرف سے اس جنگ کو غزہ سے نکال کر لبنان، شام، عراق، یمن اور ایران تک پھیلا دیا گیا،ایران نے دو مرتبہ اسرائیل پر حملہ کیا اور یہ اسرائیل کی جارحیت کے خلاف دونوں حملے تھے کیونکہ ایک مرتبہ اس نے شام میں ایران کے سفارت خانے پر حملہ کر کے دو ایرانی جرنیلوں کو شہید کر دیا تھا اور دوسرا حملہ ایران پر اسرائیل کی طرف سے حماس کے سربراہ اسماعیل ہنیہ کو شہید کرنے کے لئے کیا گیا تھا اس کا ایران نے جواب دیا جبکہ ہنیہ کی شہادت سے چند روز قبل ایرانی صدر ابراہیم رئیسی حادثے میں شہید ہوئے تھے اس حوالے سے بھی انگلیاں اسرائیل کی طرف اٹھ رہی ہیں اسرائیل نے جس طرح جنگ کا دائرہ کار پھیلا دیا ہے، کئی ممالک سمجھتے ہیں کہ جنگ یہیں تک محدود رہے گی مگر یہ جنگ دنیا میں کسی بھی مسلم ملک کو اپنی لپیٹ میں لے سکتی ہے۔جس کا اندازہ تو کیا جا سکتا ہے مگر ادراک نہیں ہے تو مسلمان حکمرانوں کو نہیں ہے جو اسرائیل کی بربریت کو دیکھنے کے باوجود بھی خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں اور نفاق کا شکار ہیں۔اس مسئلے کا صرف ایک ہی حل ہے کہ سارے مسلمان ممالک متحد ہو جائیں اور یک زبان ہو کر اسرائیل کے خلاف آواز اٹھائیں قرارداد میں گزشتہ دنوں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی کوششوں اور تحریک سے فلسطین کے حوالے سے آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد کو قابل تحسین قدم قرار دیا گیا، ایک دوسری قرارداد میں مقبوضہ جموں و کشمیر میں بڑھتے ہوئے بھارتی مظالم پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ کشمیر سے متعلق اپنی قراردادوں پر عملدرآمد کروائے اور کشمیریوں کو ان کا پیدائشی حق حق خودارادیت دیا جائے جب تک کشمیریوں کو حق آزادی نہیں دیا جاتا خطے میں امن کا قیام ناممکن ہے۔

بقیہ 6

دفاع کے سرکاری ترجمان کرنل حمد الصقر نے بتایا کہ گزشتہ روز طیارہ شمالی کویت میں تربیتی مشن پر تھا کہ اس دوران حادثے کا شکار ہو گیا۔ترجمان نے کہا کہ تحقیقاتی ٹیموں نے حادثے کی وجوہات کا تعین کرنے کیلئے تحقیقات شروع کر دیں۔

بقیہ 7

ں مشکلات کا احاطہ کیا ہے۔دی انڈیپنڈنٹ اردو میں اپنے مضمون میں نعیم احمد مجھور نے لکھا ہے کہ مرکز میں بی جے پی کی سرکار ہے، جموں و کشمیر کا ریاستی درجہ حاصل کرنے، مقامی باشندوں کے لیے حق اراضی یا حق روزگار بحال کرنے میں دشواری پیدا ہو سکتی ہے، پھر خطے کی انتظامیہ، پولیس اور عدلیہ کے اعلیٰ عہدوں پر غیر کشمیری تعینات کیے گئے ہیں جس کی وجہ سے عوام اور انتظامیہ کے بیچ روابط نہ ہونے کے برابر ہیں، اس کو کیسے بہتر کیا جا سکتا ہے۔ یہ نیشنل کانفرنس کی سرکار کے لیے سب سے بڑا چیلنج ہے۔جس کا ادراک نئی دہلی میں مقامی جماعت آپ کے سربراہ اروند کیجریوال کو بخوبی ہوا ہے اور وہ اس کا خمیازہ بھی بھگت رہے ہیں۔مقامی حکومت کے لیے بڑا امتحان اس وقت شروع ہو گا جب وہ اندرونی خودمختاری بحال کرنے کی قرارداد اسمبلی سے پاس کرا کے بی جے پی کی مرکزی سرکار کو نظر ثانی کے لیے بھیجے گی جہاں سے کسی حمایت کی کوئی توقع نہیں ہے۔ مگر نیشنل کانفرنس کی اتحادی جماعت کانگریس اس وقت کون سا راستہ اختیار کرے گی اس کے بارے میں عوام میں خاصی تشویش ہے۔کانگریس نے آج تک بار بار پوچھے جانے والے اس سوال کا جواب نہیں دیا ہے۔بقول تجزیہ نگار عوام نے اندرونی خودمختاری ختم کرنے کے فیصلے کے خلاف اپنا ریفرنڈم دیا ہے اب یہ نیشنل کانفرنس پر منحصر ہے کہ وہ اس کو بحال کرانے کا عمل کیسے انجام دیتی ہے۔نعیم احمد مجھور نے لکھا ہے کہ اس بار لوگوں نے جمہوری طریقہ اختیار کر کے نہ صرف بی جے پی کی ہندوتوا پالیسی کو شکست دی بلکہ ایک ریفرنڈم سمجھ کر پانچ اگست 2019 کی اندرونی خودمختاری ختم کرنے کے فیصلے کے خلاف ایک زبان میں اس پرانی پارٹی کو ووٹ دیا جس کو بی جے پی نے سیاسی جماعتوں کی فہرست سے نابود کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔عوام نے ووٹ کے ذریعے باور کرایا کہ جموں و کشمیر میں صرف وہی پارٹی جیت سکتی ہے جو ان کے جذبات کی ترجمانی کرتی ہو اور ان کو جاگیر سمجھ کر ان پر دھونس دباؤ نہیں جما سکتی۔میڈیا ہو، تجزیہ نگار ہوں یا تھنک ٹینکس، سب ہی نے اس بات پر یک زبان ہو کر کشمیری ووٹروں کی تعریف کی کہ انہوں نے حالیہ انتخابات میں بے حد سنجیدگی، سوجھ بوجھ اور بردباری کا مظاہرہ کیا جب انہوں نے بی جے پی کو ہرا کر نیشنل کانفرنس اور کانگریس کے اتحاد کو حکومت سازی کے لیے کامیابی سے ہمکنار کر دیا۔اگرچہ اتحاد میں شامل دو جماعتوں کے انتخابی منشور میں آرٹیکل 370 کے بارے میں مختلف آراء ہیں پھر بھی خطے کی آئینی مراعات اور اس کے حقوق چھیننے پر ووٹ دے کر بی جے پی کو سرا سٹالی، انتقامی نہیں بلکہ ووٹروں نے ایسی جماعتوں اور امیدواروں کو بھی سیاسی منظر نامے سے ہٹا دیا جن کے بارے میں کہا جا رہا تھا کہ وہ بی جے پی کی اے ٹیم یا بی ٹیم ہیں، محبوبہ مفتی کی پی ڈی پی، الطاف بخاری کی اپنی پارٹی، انجینئر رشید کی عوامی اتحاد پارٹی اور سجاد لون کی پیپلز کانفرنس کے لیے یہ انتخابات شکست کا باعث بنے حالانکہ انتخابی مہم کے آخری مراحل میں انہوں نے آرٹیکل 370 کو بحال کرنے کا نعرہ بھی لگا دیا تھا۔

بقیہ 8

بھارتی دارالحکومت میں لداخ بھون کے داخلی دروازے کے قریب بھوک ہڑتال کر رہا ہے۔ جمعرات کو ان کی بھوک ہڑتال کا پانچواں روز ہے۔ انہوں نے لداخ کیلئے چھٹے شیڈول کا درجہ اور دیگر مطالبات کے حق میں بھوک ہڑتال اتوار کی سہ پہر شروع کی تھی۔وانگچک کا کہنا ہے کہ بھارتی حکومت کے کسی نمائندے نے ابھی تک ان سے رابطہ نہیں کیا۔وانگچک سمیت بھوک ہڑتال میں کل 25 افراد حصہ لے رہے ہیں۔

بقیہ 9

طوفان کے سبب تقریباً 5 لاکھ افراد بجلی سے محروم ہو گئے جبکہ طوفان سے ٹمپا بے اور ریاست کے جنوبی حصوں کے شدید خطرات سے دوچار ہونے کا امکان ہے۔طوفان کے باعث فلوریڈا کے ساحلی علاقوں سے 72 لاکھ افراد کو علاقہ خالی کرنے کی وارننگ جاری کی گئی تھی۔اس سے پہلے طوفان ہیلین فلوریڈا سے ٹکرایا تھا جس سے جنوبی ریاستوں میں تقریباً 250 اموات ہوئی تھیں۔

بقیہ 10

ں حمایت نہیں کی، اگر ایسا ہوتا تو بی جے پی جیت جاتی، 5 اگست 2019 کو جو کچھ ہوا جموں و کشمیر کی آبادی کی اکثریت نے اس کی توثیق نہیں کی اور یہ ایک حقیقت ہے۔انہوں نے زور دے کر کہا نیشنل کانفرنس دفعہ 370 کی بحالی کے اپنے موقف پر قائم ہے تاہم موجودہ حکومت میں ایسا ممکن نہیں ہے۔عمر عبداللہ نے کہا کہ یہ ایک طویل جنگ ہے اور ہم اس مسئلے کو زندہ رکھیں گے۔عمر عبداللہ نے مزید کہا کہ ریاستی درجے کی بحالی جموں و کشمیر کا حق ہے جو اسے ملنا چاہیے اور اسمبلی میں پہلی قرارداد اسی حوالے سے لائیں گے۔

بقیہ 11

کہ جموں و کشمیر کو اس وقت پولیس سٹیٹ بنایا گیا اور غیر مقامی افسر شاہی کو یہاں کے عوام پر مسلط کیا گیا ہے جو یہاں صرف اور صرف عیش و عشرت میں مصروف ہیں جبکہ لوگوں کا کوئی پرسان حال نہیں۔ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ جموں و کشمیر اور لداخ کے عوام نے 5 اگست کے فیصلوں کو قبول نہیں کیا ہے اور مستقبل میں بھی نہیں کریں گے۔ان کا کہنا تھا کہ نئی حکومت کیلئے کام آسان نہیں ہو گا لیکن ہماری حد درجہ کوشش ہو گی کہ لوگوں کے بنیادی حقوق بحال کئے جائیں اور پولیس راج والی پالیسی کو ختم کیا جائے گا۔

بقیہ 12

ہوئے کیا۔اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر سید محسن گردیزی، محمد رضوان رشید، محمد حنیف، خالد محمود، ڈاکٹر طلال سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ڈاکٹر محسن گردیزی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ باغ میں 5 سال سے کم عمر بچوں کی تعداد 67540 ہے ان بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے 412 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں ضلع باغ میں 58 فکسڈ سینٹر قائم کیے گئے ہیں جہاں فیلڈ سے آنے والے بچوں کو ویکسین پلائی جائے گی گاڑیوں کے اہم اڈوں اور بڑے راستوں میں 09 ٹرانزٹ پوائنٹس قائم کیے گئے ہیں ضلع باغ میں 97 سپروائزر اپنی اپنی یونین کونسل میں مہم کی نگرانی کریں گے 35 یونین کونسل میڈیکل آفیسر اپنے اپنے زون میں نگرانی کریں گے ضلع لیول پر وہ خود نگران ہوں گے ہر یونین کونسل میں پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس میں لیڈی ہیلتھ سپروائزر اور محکمہ صحت کے اہلکاران کے علاوہ یونین کونسل کے امام مسجد پٹواری اور اساتذہ کا تعاون بھی شامل کیا گیا ہے ضلع باغ میں پولیو کنٹرول سیل قائم کیا گیا ہے جس میں کسی بھی شکایت کی صورت میں 05823920089 پر اطلاع دی جا سکتی ہے۔

بقیہ 13

لائف انشورنس کا ذکر کیا گیا اور عوام الناس کو آگاہ کیا گیا کہ پوسٹ آفس کی ان سروسز سے فائدہ اٹھائیں۔آخر میں انہوں نے کہا عالمی یوم ڈاک ہر سال 9 اکتوبر کو منایا جاتا ہے۔9 اکتوبر 1874ء میں سوئٹزرلینڈ میں پہلی مرتبہ عالمی ڈاک سے متعلق کانفرنس ہوئی تھی۔جس میں جنرل پوسٹل یونین' نامی تنظیم کی بنیاد ڈالی گئی تھی۔اس معاہدے کو 22 ملکوں نے منظور کیا اور یکم جولائی 1875ء سے یہ نظام نافذ العمل ہوا۔9 اکتوبر کو ڈاک کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔اس کا مقصد تمام ممالک میں ڈاک کی ترسیل کی ترقی اور ڈاک کے نظام کی بہتری ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان پوسٹ کا شمار پاکستان کے اولین محکموں میں ہوتا ہے۔اس وقت پاکستان میں 13419 ڈاکخانے ہیں جن میں 50 ہزار سے زائد ملازمین کام کرتے ہیں۔پاکستان پوسٹ کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے پہلے نجی کوریئر کمپنیوں نے ان کی جگہ لی۔اس پر طرہ یہ کہ جدید ٹیکنالوجی کی وجہ سے اب خطوط لکھنے کا کام تقریباً ختم ہو کر رہ گیا ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ جدید ٹیکنالوجی کی وجہ سے اب سیکنڈوں میں لکھا گیا پیغام بھیجا جاتا ہے۔بھیجنے والے کو اس بات کی بھی تصدیق ہو جاتی ہے کہ اس نے پیغام پڑھا ہے کہ نہیں۔پاکستان پوسٹ اب ایک بنک بھی ہے۔یہ بنک کا کام بھی کرتا ہے۔یوٹیلیٹی بل تقسیم کرنا اور بل جمع کرنے کے ساتھ بیرونی ممالک سے آنے والی رقوم بھی ڈاکخانوں سے وصول کی جاتی ہے۔مقررین کا کہنا تھا کہ ٹیکنالوجی نے جہاں ڈاک کے نظام کو متاثر کیا، وہاں "پی او بکس" پوسٹ باکس بھی ختم ہو گئے۔جدید ٹیکنالوجی سے پہلے لوگ ڈاکخانوں میں پی او باکس لیتے تھے۔ایک سال کے لئے باکس کی چابی ان کے پاس ہوتی تھی۔وہ دفتری اوقات کار میں اپنا باکس کھول کر خطوط لے سکتے تھے۔اکثر کمپنیاں یا لوگ اپنے اشتہارات یا پتہ دینے کے لئے لکھتے تھے "پی او باکس نمبر۔۔اب مذکورہ پی او باکس تو ہر سرکاری ڈاکخانوں میں موجود ہے، لیکن خالی پڑا رہتا ہے۔

بقیہ 14

دفتر کے دورے کے موقع پر بات چیت کے دوران کیا۔سراج الحق نے سابق مرکزی نائب امیر اسد اللہ بھٹو کی عیادت اور ان کی جلد مکمل صحت یابی کے لئے دعا بھی کی۔اس موقع پر صوبائی امیر محمد حسین محنتی، مولانا محمد دین منصوری، مجاہد چنا اور زاہد حسین راجپر بھی اس موقع پر موجود تھے۔سراج الحق نے کہا کہ غزہ پر اسرائیلی دہشتگردی کو ایک سال مکمل ہو گیا ہے 80 ہزار ٹن بارود برسا کر غزہ کو ملبے کا ڈھیر بنا دیا گیا،45 ہزار شہدا ہیں جن میں زیادہ تر بچے بوڑھے اور خواتین شامل ہیں ان سب کے باوجود غزہ کے مجاہدین سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوئے ہیں سرزمین انبیاء فلسطین اور قبلہ اول کی آزادی کے لئے پرعزم ہیں۔اسرائیل اپنی شکست کو چھپانے کے لئے ایک سال سے عام شہریوں پر بمباری کر رہا ہے،اصل سوال انسانی حقوق کی تنظیموں، اقوام متحدہ اور خاص طور پر اسلامک ورلڈ آرگنائزیشن کا غزہ کے مسلمانوں کی نسل کشی پر مجرمانہ خاموشی، بزدلی اور غیر جانبداری کا ہے جس کو انسانی تاریخ ہمیشہ سیاہ الفاظ میں یاد رکھے گی۔

بقیہ 15

کے نہ رکنے پر ڈاکوؤں نے اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ایک مسافر غلام حیدر موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ 5 مسافر شدید زخمی ہو گئے۔پولیس نے کہا کہ فائرنگ کے بعد ڈاکو کچے کی طرف فرار ہو گئے، لاش اور زخمیوں کو خانپور ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔مسافر کوچ کراچی سے کشمور جا رہی تھی، واقعہ کے بعد مسافروں نے انڈس ہائی وے پر احتجاج بھی کیا جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی۔مسافروں نے کہا کہ ڈاکو لوٹ مار کر رہے تھے مگر پولیس کی جانب سے کوئی مزاحمت نہیں کی گئی۔واقعے کی اطلاع ملنے کے بعد ایس ایس پی شکارپور کی قیادت میں ڈاکوؤں کے خلاف کچے میں آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 16

دی گئی۔بھارتی فورسز کے اہلکاروں نے جمعرات کو ضلع کپواڑہ کے علاقے کرال کنڈ میں تلاشی آپریشن کے دوران ایک مشکوک چیز برآمد کی جس کے بعد شاہراہ پر ٹریفک روک دی گئی۔ایک بھارتی پولیس افسر نے کہا کہ بم ڈسپوزل سکواڈ کو جائے وقوعہ پر روانہ کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 17

جاوید ملک نامی 24 سالہ نوجوان بجلی کا جھٹکا لگنے سے جان کی بازی ہار گیا۔سرینگر کے علاقے صورہ میں ایک مشتاق احمد شاہ نامی ایک شخص سڑک حادثے میں جاں بحق ہو گیا۔جاں بحق ہونے والے دونوں افراد کا تعلق مقبوضہ وادی کشمیر کے شمالی ضلع کپواڑہ سے تھا۔

بقیہ 18

جاوید ملک نامی 24 سالہ نوجوان بجلی کا جھٹکا لگنے سے جان کی بازی ہار گیا۔سرینگر کے علاقے صورہ میں ایک مشتاق احمد شاہ نامی ایک شخص سڑک حادثے میں جاں بحق ہو گیا۔جاں بحق ہونے والے دونوں افراد کا تعلق مقبوضہ وادی کشمیر کے شمالی ضلع کپواڑہ سے تھا۔

بقیہ 19

سے یہاں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ 70 کی دہائی میں پاکستان کے سابق وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو فلسطینی عوام کے حقیقی ترجمان بن کر سامنے آئے۔دنیا بھر کی مظلوم عوام اور مسلم دنیا انہیں اپنا رہبر و رہنما تسلیم کرتی تھی آج اسی روایت کو دوہراتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اگر ہمیں اس ظلم اور نسل کشی کے خلاف جنگ بھی کرنی پڑے تو اس کے لئے تیار ہیں۔ان کے اس دلیرانہ موقف سے مظلوم فلسطینی عوام کو نیا حوصلہ ملے گا۔جن کی بستیوں کو اجاڑ دیا گیا ہے اور ایک منظم منصوبے کے تحت ہزاروں بچوں کو موت کے گھاٹ اتار لیا گیا اس موقع پر اقوام متحدہ کا کردار مجرمانہ نوعیت کا ہے۔اسرائیلی مظالم بربریت اور جنگی جرائم پر اقوام متحدہ کی خاموشی بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔دنیا بھر کی اقوام کے نمائندہ ادارہ کی حیثیت سے اقوام متحدہ نے اپنا مقام اور اعتبار کھو دیا ہے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اگر مسلم ممالک فلسطین کے مظلوم عوام کے حق میں آواز بلند نہیں کرتے تو مسلم ممالک کے عوام کو اپنے حکمرانوں کے خلاف بغاوت کر کے خود پالیسیاں تشکیل دینا ہوں گی ورنہ اسرائیلی و امریکی غلامی مذکورہ ممالک کا مقدر ہو گا۔انہوں نے مزید کہا حکومت پاکستان اور تمام سیاسی جماعتوں نے بالغ نظری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فلسطین کے ایشو پر درست سمت میں قدم اٹھایا ہے۔ضرورت اس امر کی ہے فلسطینیوں کی مدد کے لئے ٹھوس مربوط فیصلے سامنے آئیں۔

بقیہ 20

کیا۔جمعرات کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری نے پی ٹی آئی رہنما اور رکن قومی اسمبلی زرتاج گل کا نام پی سی ایل سے نکلوانے کی درخواست پر سماعت کی۔امیگریشن اینڈ پاسپورٹ ڈیپارٹمنٹ نے رپورٹ عدالت میں جمع کرا دی۔رپورٹ میں کہا گیا کہ زرتاج گل کے بیرون ملک جانے پر اور نئے پاسپورٹ کے حصول پر کوئی پابندی عائد نہیں ہے۔عدالت سے استدعا ہے کہ یہ درخواست نمٹا دی جائے۔بعدازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کی رہنما زرتاج گل کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ (پی سی ایل) سے نکال دیا اور درخواست نمٹا دی۔

بقیہ 21

آگے بڑھنے کیلئے عزم کا اظہار کیا گیا۔بس میں منشیات، بے راہ روی، معاشی مہم، بے حیائی بس ٹرمینل منشیات کی آماجگاہ، ائیرپورٹ پر منشیات فروشوں کے ڈیرے شہر میں گندگی کے بے شمار ڈھیر کے حوالے سے بطور خاص ایک منظم حکمت عملی سے اپنی اخلاقی ذمہ داری کو پورا کرتے ہوئے آگے بڑھنے کا عزم کیا گیا۔اجلاس میں المیزان تحریک کی کاوش کو سراہتے ہوئے مبارکباد بھی پیش کی گئی۔اجلاس سے صدر گرینڈ جرگہ مولانا اتفاق حسین، سینئر نائب صدر سردار ڈاکٹر شبیر افضل، سیکرٹری جنرل سردار محمد فاروق خان، نائب صدر سردار امتیاز یوسف، سیکرٹری اطلاعات حاجی نواز حیات، سیکرٹری مالیات مرتضیٰ حنیف، ڈپٹی سیکرٹری جنرل محمد سلیم خان و دیگر نے خطاب کیا۔

بقیہ 22

متاثر ہیں جنہوں نے انتہائی کم وقت میں ایسا نظام دیا جو انصاف پر مبنی تھا نبی کریم کی تعلیمات ہی ہیں جن کے طفیل آج بھی اسلام دنیا میں پھیل رہا ہے نبی کریم کی زبان سے کبھی حق سے ہٹ کر کوئی بات نہیں نکلی نبی کریم نے انسانیت کو جوڑنے کی تعلیمات دی ہیں اتحاد و اتفاق سے ہی امت مسلمہ دنیا میں باطل کا مقابلہ کر سکتی ہے نبی کریم نے خود غزوات میں حصہ لیکر یہ تعلیم دی ہے کہ نظام اسلام کے نفاذ کے لیے اگر جنگ ضروری ہو تو جنگ شروع کرنی چاہیے فتح ہمیشہ حق کی ہوتی ہے اور اسلام ہمیشہ فاتح رہتا ہے آج جو کچھ فلسطین میں ہو رہا ہے اسلام کو سپہ سالار کی ضرورت ہے جو اسرائیل جیسے باطل کو مٹا سکے امت مسلمہ کو دور جدید کے تقاضوں کے مطابق اسلامی تعلیمات کو سامنے رکھتے ہوئے آگے بڑھنا ہو گا ریاست کشمیر کا دفاع ایٹمی قوت پاکستان کے پاس ہے اگر ایسا نہ ہوتا تو آج یہاں بھی فلسطین جیسے حالات ہوتے ریاست پاکستان کشمیریوں کی امیدوں کا محور و مرکز ریاست پاکستان ہے کشمیر کا بچہ بچہ تکمیل پاکستان کے لیے کٹ مرنے کو تیار ہے پوری ریاست میں خاتم النبیین کانفرنس کروانے پر وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق، چیف سیکرٹری سمیت جملہ اعلیٰ قیادت اور ضلعی انتظامیہ کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہم سب کو دین سیکھنے اور سیرت پر بات کرنے کا موقع مہیا کیا، علمائے کرام حکومت کے طرف مساجد کے 2 سو یونٹ بل کی ادائیگی سرکاری خزانے سے کرنے پر حکومت کے شکر گزار ہیں اور اس فیصلے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ایسی محافل کا انعقاد وقت کی ضرورت ہے تاکہ نبی کی سیرت کو سمجھ کر اس پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار باغ میں محکمہ مذہبی امور و ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ایک روزہ سیرت رحمۃ اللعالمین و خاتم النبیین کانفرنس زیر صدارت ڈپٹی کمشنر باغ و زیر سرپرستی ضلع مفتی سید وجاہت حسین گردیزی منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر محکمہ مذہبی امور مفتی حافظ نذیر قادری تھے کانفرنس میں سٹیج سیکرٹری کے فرائض تحصیل مفتی محمد ادریس نے انجام دیئے کانفرنس میں محکمہ مذہبی امور کے ڈائریکٹر کے علاوہ آزاد کشمیر کے متعدد اضلاع سے جید علمائے کرام، مفتی حضرات کے علاوہ نعت خواں حضرات اور حفاظ کرام نے شرکت کی۔کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر محکمہ امور دینیہ مفتی حافظ نذیر احمد قادری، اے ڈی سی/ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر راجہ صداقت علی خان، ضلع مفتی باغ سید وجاہت حسین گردیزی، چیئرمین علماء مشائخ کونسل مولانا امتیاز احمد صدیقی نے کہا کہ کانفرنس سے ایس پی باغ خرم اقبال، انجینئر برقیات قاضی خالد، اسسٹنٹ کمشنر سہیل بشیر، افسر مال سید قمر عباس کاظمی، مولانا سید عطا اللہ شاہ، مولانا عبد الباسط، مولانا سید عمران صابری، مفتی مسعود گردیزی، فردوس نعیم، قاری الطاف، وقاص احسان، مولانا حسین احمد توحیدی، مولانا منتظر گیلانی، مولانا منصور احمد توحیدی، مولانا ڈاکٹر الیاس مولانا نوید احمد توحیدی، مولانا زبیر احمد نقشبندی، مفتی طیب، مفتی رشید، سید زین العابدین، عمران سبزواری، فہد بخشی، مفتی ساجد، سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا۔کانفرنس میں خصوصی بچوں کو مرکزی سٹیج پر بیٹھایا گیا جبکہ تمام علمائے کرام سامنے پنڈال میں تشریف فرما رہے، کانفرنس انتظامیہ کی طرف سے مقررین کو نبی کریم کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر مختلف عنوانات دیئے گئے جن پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نبی کریم کی زندگی بطور شوہر ایسی گزری جس کی مثال رہتی دنیا تک زندہ رہے گی نبی کریم نے بطور شوہر ہمیں ازدواجی زندگی گزارنے کے جو طریقے بتائے ان پر عمل پیرا ہو کر ہم کامیاب ازدواجی پرسکون زندگی گزار سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ نبی کی اطاعت اور نبی کی محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے نبی کریم کی محبت کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوتا، نبی کریم کو جو شخص آخری نبی نہیں مانتا وہ مسلمان نہیں ہو سکتا، انہوں نے کہا کہ نبی کریم بطور سپہ سالار پوری امت مسلمہ کے لیے مثال ہیں نبی کریم نے اپنے عمل سے ثابت کیا کہ نبی کریم سے دلیر کوئی سپہ سالار نہیں نبی کریم نے جنگوں میں خود حصہ لیکر باطل کو شکست دی اور اسلام کا دنیا میں بول بالا کیا، انہوں نے کہا کہ علمائے کرام انبیاء کے وارث ہیں نبی کریم کی تعلیمات کو عالم اسلام تک پہنچانا علمائے کرام کی ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ وزیراعظم مفتیان کیساتھ بیٹھیں اور محکمہ مذہبی امور میں اصلاحات لائیں اور ان کے مسائل کو حل کریں، انہوں نے کہا کہ نبی کریم نے انصار کو مہاجر اور مہاجر کو انصار کا بھائی بنا کر اسلامی معاشرے کی بنیاد رکھی آج اسی یکجہتی اور محبت کی ضرورت ہے جس کو بنیاد بنا کر آگے چلا جا سکتا ہے، انہوں نے کہا کہ نبی کریم نے بطور والد جس طرح اولاد کی پرورش کی آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنی اولادوں کی تربیت نبی کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق کریں تاکہ اولاد دنیا اور آخرت میں خود بھی کامیاب ہو اور والدین کی کامیابی کا بھی ذریعہ بنے، انہوں نے کہا کہ نبی کریم کو نبوت سے قبل اپنے کردار کے ذریعے خود کو اس قدر قابل بنایا کہ اس وقت کے لوگ انہیں صادق کہنے پر مجبور ہوئے، نبوت کے اعلان کے بعد بھی نبی کریم نے مشکلات کا سامنا کیا لیکن دین اسلام کی دعوت نا چھوڑی ہجرت کی اپنوں کو چھوڑا اور دنیا میں اسلام پھیلانے کے لیے نکلے، نبی کریم کو کفار نے ہر طرح کی لالچ دینے کی کوشش کی لیکن نبی کریم نے کہا کہ کفار اگر میرے ایک ہاتھ پر سورج اور دوسرے پہ چاند رکھیں پھر بھی میں اللہ کی وحدانیت کو نہیں چھوڑوں گا آج کے دور میں نبی کریم کی تعلیمات کو پڑھ کر ان پر عمل کرنے کی ضرورت ہے تاکہ دین کی خدمت میں مشغول لوگوں کو یہ اندازہ ہو کہ دین کی دعوت میں مشکلات نبی کریم نے بھی دیکھی ہیں مگر دین کی دعوت سے پیچھے نہیں ہٹے۔

بقیہ 23

استقبال کے لیے بے تاب ہے۔ان خیالات کا اظہار ممبر جائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی خواجہ ارشد ڈار نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ باغ کی تاریخ کا سب سے بڑا پروگرام ہونے جا رہا ہے جس میں پورے آزاد کشمیر سے ایکشن کمیٹی کی قیادت اور کارکنان شریک ہونگے باغ اپنے روایتی انداز میں مہمانوں کا استقبال کرے گا ہر فرد بیداری شعور کانفرنس کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کرے عوامی حقوق کی جنگ لڑ کر عوام کے حقوق انہیں دہلیز پر مہیا کرنے والا ایک ایک فرد ہمارے لیے قابل احترام ہے غریب عوام کے مسیحا کے طور پر سامنے آنے والی قیادت اصل میں قومی ہیروز ہیں ہمارا فرض ہے کہ ہم سب مل کر ان کا استقبال کریں اور باغ والوں کی مہمان نوازی کی روایات کو برقرار رکھیں اہلیان باغ سے اپیل ہے کہ کوئی شخص گھر میں نہ رہے ہر ایک اپنی بساط کے مطابق بیداری شعور کانفرنس کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کرے۔

بقیہ 24

بھی سونے کے فی تولہ نرخ میں تین ہزار روپے کی کمی ہوئی تھی۔سونا 600 روپے تولہ مزید سستا ہونے سے سونے کے فی تولہ نرخ 2 لاکھ 71 ہزار 200 روپے ہو گئے۔دس گرام سونے کی قیمت میں 429 روپے کی کمی ہوئی جس سے دس گرام سونا 2 لاکھ 32 ہزار 510 روپے تک پہنچ گیا۔

بقیہ 25

جس میں مذکورہ افسران محکمہ لوکل گورنمنٹ نے مبینہ جعلی و فرضی منصوبہ جات تیار کر کے اور خزانہ سرکار سے کثیر رقم خرد برد کی۔اینٹی کرپشن سرکل پونچھ کی جانب سے تحقیقات مکمل ہونے پر تھانہ پولیس اینٹی کرپشن مظفرآباد میں مقدمہ درج رجسٹر ہوا۔جعلسازی میں ملوث افسران لوکل گورنمنٹ سدھنوتی کو ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بدر منیر، ایس پی اینٹی کرپشن محمد سلیم درانی کی ہدایت پر انسپکٹر اینٹی کرپشن سرکل پونچھ محمد نسیم خان نے اسسٹنٹ انجینئر محکمہ لوکل گورنمنٹ ضلع سدھنوتی رفیع محمود اور اوورسیئر محکمہ لوکل گورنمنٹ ضلع سدھنوتی تصور اعجاز کو گرفتار کر کے بند حوالات تھانہ پولیس پابند کرتے ہوئے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے جبکہ دیگر شریک جرم ساتھیوں و سہولت کاروں کی گرفتاری کیلئے ٹیم تشکیل دی جا چکی ہے۔ جن کی جلد گرفتاری متوقع ہے۔ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ نے اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے جملہ افسران کو سختی سے ہدایات جاری کر دی ہیں کہ کرپشن، سرکاری خزانہ کی لوٹ مار، جعلسازیوں کے حوالہ سے جس قدر کیسز زیر کار ہیں کو جلد از جلد میرٹ پر یکسو کیا جائے اور کرپشن کے خلاف سخت سے سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 26

نے پی ڈی پی کو نشانہ بنایا ہے، جبکہ ڈیموکریٹک پارٹی کو ہر ایجنسی نے نشانہ بنایا حالیہ انتخابات سے قبل تقریباً 40 لوگوں نے پارٹی چھوڑ دی۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کے لوگوں کو ایجنسیوں کی جانب سے ہراساں کیا گیا، جس کی وجہ سے وہ پارٹی چھوڑنے پر مجبور ہو گئے، یہاں تک کہ پارٹی کی صدر کے اہل خانہ کو بھی نہیں چھوڑا گیا۔میڈیا سے بات چیت میں وحید الرحمان پرہ نے کہا کہ جموں و کشمیر میں حکومت کی تشکیل کے بعد اسمبلی کو ترجیحی بنیادوں پر ایک قرارداد پاس کرنی چاہیے، تاکہ ہم نے 5 اگست 2019 کو جو کھویا ہے اسے واپس لایا جائے۔انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر کے بنیادی مسئلے کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔بھارتی حکومت اور جموں و کشمیر میں بننے والی حکومت کو جموں و کشمیر کے بنیادی مسئلے کو حل کرنے کے لیے کام کرنا چاہیے۔ وحید الرحمان پرہ نے کہا کہ وہ پلوامہ اسمبلی حلقہ کی ہمہ جہت ترقی کے لیے کام کریں گے اور حلقے کے عوام سے جو وعدہ کیا ہے وہ پورا کرنے کی کوشش کریں گے، بالخصوص حلقہ کے لوگوں کی بہتری اور ان کے لیے ہر ممکن کام کرنے کی کوشش کریں گے۔

بقیہ 27

نے بعد اب اضافے کا امکان ہے۔ پٹرول اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں بالترتیب 5.50 روپے اور 13 روپے فی لٹر اضافہ متوقع ہے جس کا اطلاق 16 اکتوبر سے 31 اکتوبر کو ختم ہونے والے اگلے 15 دن تک ہو گا، گزشتہ دو ہفتوں میں پٹرول کی قیمت میں اوسطاً 2.8 ڈالر فی بیرل اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت میں تقریباً 7 ڈالر فی بیرل کا اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 28

اقتصادی تعاون انتہائی اہم ہے، دونوں ممالک کی باہمی تجارت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔پاکستان سعودی عرب بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاک سعودی عرب اسٹریٹجک شراکت داری نئے دور میں داخل ہو گئی ہے، پاکستان سعودی عرب کیساتھ اپنے تاریخی تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن ہے، اقتصادی بحالی کے ایجنڈے کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول موجود ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پاکستان جلد دنیا کی 24ویں مضبوط معیشت بن کر ابھرے گا، سعودی عرب کو کان کنی کے شعبے میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہیں، پاکستان میں آئی ٹی کا شعبہ عالمی سرمایہ کاروں کو راغب کر رہا ہے۔اسحاق ڈار نے کہا کہ پاک سعودی بزنس فورم میں دونوں ممالک نے تعاون بڑھانے کا عزم کیا، پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن ہے، ملک میں مہنگائی کی شرح میں نمایاں کمی آئی، بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان کی معاشی بہتری کا اعتراف کیا جا رہا ہے۔نائب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، حیوانات کے شعبے سعودی سرمایہ کاری کے لیے کھلے ہیں، قابل تجدید توانائی کے منصوبے سعودی سرمایہ کاروں کے لیے کھلے ہیں۔اس موقع پر وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں پاکستانی معیشت میں مسلسل استحکام آ رہا ہے، پچھلے ایک سال میں پاکستان کی معیشت مستحکم ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں خاطر خواہ کمی آرہی ہے، زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ اور روپے کی قدر میں استحکام آیا ہے جب کہ مہنگائی کی شرح بھی سنگل ڈیجٹ میں آ چکی ہے جو اس وقت 6.9 ہے، توقع ہے شرح سود میں مزید کمی ہو گی، شرح سود میں کمی سے معاشی سرگرمیاں بحال ہوں گی۔وزیر خزانہ نے کہا کہ معاشی اصلاحات کی بہتری کے لیے کام کر رہے ہیں اور اس وقت ہم معاشی بحالی پر بہتر پوزیشن میں آ چکے ہیں، ہم نے مائیکرو اکنامک استحکام کے لیے کام کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کا کام کاروبار کرنا نہیں ہے بلکہ کاروبار کے لیے سہولیات فراہم کرنا ہیں، نجی شعبے کی شراکت داری سے ملکی معیشت کو مستحکم کر سکتے ہیں۔پاکستان سعودی عرب بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر تجارت جام کمال نے کہا کہ سعودی وزیر سرمایہ کاری خالد الفالح کی قیادت میں سعودی وفد کا خیرمقدم کرتے ہیں، پاکستان سعودی مارکیٹ میں اپنی موجودگی بڑھانا چاہتا ہے۔جام کمال نے کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے بہت سے مواقع ہیں، سعودی عرب پاکستان کے لیے اہم تجارتی شراکت دار ہے اور اس فورم کا مقصد مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کو بڑھانا ہے، سعودی عرب زراعت، کان کنی، آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کرے گا، سعودی ولی عہد سلمان بن عبدالعزیز کا 2030 کا وژن قابل تحسین ہے۔

بقیہ 29

لے لایا ہے۔کیونکہ عوام کی نظریں اب نیشنل کانفرنس کی قیادت پر ہیں کہ وہ کب ریاستی اسمبلی کے اجلاس میں دفعہ 370 اور 35A کی بحالی کی قرارداد منظور کرنے کے ساتھ بھارتی حکومت کو اس بات پر مجبور کرے کہ وہ کشمیر کی خصوصی حیثیت دفعہ 370 اور 35A کو بحال کرے گی۔ریاستی عوام کا کہنا ہے کہ نیشنل کانفرنس نے وعدہ کیا تھا کہ وہ دفعہ 370 کی بحالی کیلئے آخری حد تک جائیں گے چاہے اس کیلئے اسے سپریم کورٹ آف ہندوستان کا دروازہ ہی کیوں نہ کھٹکھٹانا پڑے۔یہی وجہ ہے کہ نیشنل کانفرنس کو 90 سیٹوں والی اسمبلی میں 42 نشستیں حاصل ہوئی ہیں جموں و کشمیر اسمبلی کی نشستوں کی کل تعداد 119 ہے جن میں سے 90 پر براہ راست ووٹنگ ہوتی ہے۔ پانچ پر نامزدگیاں ہوں گی جو کہ غیر آئینی طور پر لیفٹیننٹ گورنر نامزد کریں گے۔ جب کہ 24 نشستیں سیاسی پوائنٹ سکورنگ کے لئے آزاد کشمیر کے لیے مختص کی ہیں، جو خالی رہیں گی، اسمبلی کی 90 عام نشستوں کے لیے 900 سے زائد امیدوار میدان میں تھے۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا کے اعلان کے مطابق تین مراحل میں کرائے گئے ان انتخابات میں نیشنل کانفرنس کو 42 اور کانگریس کو چھ نشستیں ملی ہیں۔انتخابات کے نتائج کے بعد کانگریس اور نیشنل کانفرنس نے متفقہ طور پر نیشنل کانفرنس کے نائب صدر عمر عبداللہ وزارت اعلیٰ کے لیے اتحاد کے متفقہ امیدوار ہوں گے ان کے والد اور نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ پہلے ہی انہیں وزیر اعلیٰ بنانے کا اعلان کر چکے ہیں۔مقبوضہ کشمیر کی اندرونی صورتحال کا تجزیہ کیا جائے تو کشمیریوں کی غالب اکثریت حق خودارادیت کی حامی ہونے کے ساتھ ساتھ کشمیر کی خصوصی حیثیت کی بحالی چاہتی ہے اور وہ کسی صورت بھارت کی یونین ٹیریٹری میں رہ کر بطور صوبہ رہنے کو تیار نہیں۔ اگرچہ نیشنل کانفرنس کے قائد سابق کٹھ پتلی وزیراعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ بھارت کے ہمیشہ حامی رہے مگر پانچ اگست 2019 کے اقدام کو انہوں نے بھی یکسر مسترد کیا ہے اور اسی وجہ سے بھارتی حکومت نے انہیں بھی گھر میں نظر بند رکھا۔ڈاکٹر فاروق عبداللہ کشمیریوں کے ہر دلعزیز اور قد آور رہنما شیخ محمد عبداللہ کے فرزند ہیں اور اب پارٹی کی نیابت ان کے فرزند سابق وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کر رہے ہیں۔ جموں و کشمیر اسمبلی میں حکومت بنانے کیلئے صرف 45 سیٹیں درکار ہیں جس میں سے نیشنل کانفرنس کے پاس 42 سیٹیں پہلے سے موجود ہیں جبکہ NC کی اتحادی جماعت نیشنل کانگریس کے پاس کل 6 نشستیں ہیں دونوں کو ملا کر کل 48 نشستیں ہو چکی ہیں جبکہ کچھ آزاد اراکین کو ملا کر نیشنل کانفرنس کے پاس ریاستی اسمبلی میں 52 کے قریب نشستیں ہو جائیں گی۔ تجزیہ کاروں کے مطابق یہ پہلی بار ہوا ہے کہ جموں و کشمیر میں پارٹیوں نے نالی، نکے، سڑک، گلی، محلے کی تعمیر اور تعلیم، صحت، سیاحت، زراعت میں بہتری کے بجائے نظریاتی بنیادوں پر اپنے موقف کو رکھا ہے۔بی جے پی نے پورے الیکشن مہم میں اس موقف پر لگائے رکھی کہ نریندر مودی کی جانب سے دفعہ 370 اور 35A کے ذریعے کشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کرنا ریاستی مفاد میں ہے اور کشمیری علیحدگی نہیں چاہتے بلکہ وہ بھارت کے شہری بن کر اس کی تعمیر و ترقی میں کردار ادا کر رہے ہیں جبکہ نیشنل کانفرنس نے پہلی بار حریت پسند قیادت والا موقف اختیار کیا کہ 35A اور دفعہ 370 کو بحال کیا جائے ورنہ ریاست کے حالات مزید خراب ہوتے اور کشمیری کبھی بھی بھارت کے ساتھ الحاق نہیں چاہتے۔اس کا فیصلہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہی ہونا ہے اور بہترین حل رائے شماری ہے جس کا وعدہ بھارت کے بانی وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو نے کشمیریوں کے ساتھ کیا تھا اور بھارت نے خود اقوام متحدہ پیش ہو کر قرارداد پیش کی تھی کہ کشمیر پر استصواب رائے کروایا جائے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے اس قرارداد کو منظور کیا تھا پاکستان، امریکہ، چین، روس سمیت دنیا کے تقریباً تمام ممالک نے اس قرارداد کے حق میں ووٹ ڈالا تھا الیکشن نتائج سے قبل نہایت کم توقع کی جا رہی تھی کہ بی جے پی کو اتنی کم نشستیں ملیں گی مگر بھارت پر ایک بار پھر واضح ہو چکا ہے کہ کشمیری ظلم و جبر، دھونس دھاندلی، لالچ، دیے گئے پیش کشوں کو مسترد کر چکے ہیں اور قید و بند اور شہادتوں کے باوجود اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے اور انہوں نے ایک ناپسندیدہ جماعت نیشنل کانفرنس کو بھی صرف اس لیے ووٹ دیا ہے

بقیہ 30

بہت ہوئی۔وزیراعظم نے کہا کہ بجلی کے شعبے میں دیگر آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں پر بتدریج نظر ثانی کر کے بہتری بھی لائی جائے گی، وقت آگیا ہے کہ عوام کی مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ مہنگائی کی شرح 30 فیصد سے زائد تھی، 6.9 فیصد پر آنے سے عوام کو ریلیف ملا، اللہ کے بے پایاں فضل و کرم اور معاشی ٹیم کی شبانہ روز محنت سے 2025 کا 7 فیصد کا ہدف 2024 میں ہی حاصل کر لیا گیا، 5 آئی پی پیز مالکان نے ملکی مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دی اور رضاکارانہ طور پر ان معاہدوں کو حکومت کے ساتھ ختم کرنے پر اتفاق کیا، ان پانچ آئی پی پیز نے بارش کے پہلے قطرے کی مانند عوامی ریلیف کے شروعات میں کلیدی کردار ادا کیا،مجھ سمیت پوری کابینہ ان آئی پی پیز مالکان کے شکرگزار ہیں۔انہوں نے کہا کہ بجلی کے شعبے کی اصلاحات کیلئے قائم کردہ ٹاسک فورس اور وفاقی کابینہ کے اراکین اس کوشش کیلئے لائق تحسین ہیں، حالیہ گرمیوں میں وفاق اور وزیر اعلیٰ پنجاب نے بجلی کے بلوں میں ریلیف دیا، عوام سے کئے گئے اپنے ہر وعدے پر قائم ہوں۔ان کا کہنا تھا کہ سمندر پار پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر میں ریکارڈ اضافہ ہوا، گزشتہ ماہ میں 8.8 ارب ڈالر کی ریکارڈ ترسیلات زر سمندر پار پاکستانیوں کے حکومتی پالیسیوں پر اعتماد کی عکاسی کرتی ہیں، اپنی محنت کی کمائی پاکستان بھیجنے والے ہمارے بیرون ملک مقیم عظیم پاکستانیوں کے شکرگزار ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں بجلی شعبے کی اصلاحات کیلئے قائم کردہ ٹاسک فورس کی سفارش پر 5 آئی پی پیز کے ساتھ بجلی خریدنے کے معاہدے کو ختم کرنے کی منظوری دے دی۔ان معاہدوں کو ختم کرنے سے بجلی صارفین کو 60 ارب روپے سالانہ کا فائدہ اور بجلی کے فی یونٹ نرخ میں خاطر خواہ کمی واقع ہو گی، مجموعی طور پر قومی خزانے کو 411 ارب روپے کی بچت اور ان آئی پی پیز کو واجب الادا رقم پر کسی قسم کا سود نہیں دیا جائے گا بجلی شعبے کی اصلاحات کیلئے قائم کردہ ٹاسک فورس اور ان آئی پی پیز کے مالکان کے مابین اتفاق اور ان معاہدوں کے اختتام کے عمل کی تفصیلات کابینہ کے سامنے پیش کر دی گئیں۔بجلی خرید کے معاہدوں کے اختتام کی فہرست میں HUBCO, LALPIR, Saba Power, Rousch Power اور Atlas Power شامل ہیں، ان آئی پی پیز میں سے Rousch Power بلڈ اون آپریٹ اینڈ ٹرانسفر معاہدے کے تحت قائم کیا گیا تھا، معاہدے کی رو سے اس کی ملکیت حکومت کو منتقل کرنے کے بعد اس کی پرائیوٹائزیشن کمیشن کے ذریعے نجکاری کی جائے گی باقی ماندہ 4 آئی پی پیز کی ملکیت ان کے مالکان کے پاس رہے گی جبکہ حکومتی معاہدے کو ختم کرنے کے بعد حکومت کی جانب سے کسی قسم کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 31

ہے تاہم اس حوالہ سے وکلاء کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے اور جب معاملات طے ہو جائیں تو پھر فریقین کی آپس میں میٹنگ کروائی جائے۔ شاہد ریکارڈ پر لائیں صرف الزام لگانا کافی نہیں۔ وکیل سچ بول رہے ہیں اور عدالت کا ریکارڈ غلط ہے۔ ہم وکیلوں کی معاونت کر رہے ہیں چاہیں وکیلوں کو کیا ہو گیا ہے، وکیلوں کا کام صرف یہ ہے کہ آکر کھڑے ہو جاؤ اور مخالفت کرو۔التوا کی درخواست دائر کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ کیس ملتوی ہو گیا، کیس ملتوی کرنا یا نہ کرنا عدالتی مرضی ہوتی ہے۔ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ 2023 کے سیکشن 6 کے تحت درخواست گزار کیس میں وکیل تبدیل کر سکتا ہے۔ لیبر قوانین میں ہر قسم کی بیگار لینے کی ممانعت ہے۔قبل ازیں جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس شاہد بلال حسن پر مشتمل 3 رکنی بینچ نے جمعرات کے روز کاز لسٹ اور سپلیمنٹری کاز لسٹ میں شامل 6 مقدمات کی سماعت کی۔ بینچ نے والد کی وراثتی جائیداد اسٹیل ملز کوئٹہ کے 55 فیصد شیئرز بہنوں کو حصہ نہ دینے کے معاملہ پر احمد نعیم کی جانب سے انجم نعیم اور دیگر کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے وکیل صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر شہزاد شوکت کے معاون وکیل نے پیش ہوئے جبکہ مدعا علیہان کی جانب سے عدنان طارق ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ شہزاد شوکت کے معاون وکیل کا کہنا تھا کہ میں کیس میں پیش ہوں گا، کیس ڈسمائل کے لئے کوششیں جاری ہیں مزید وقت دیا جائے

بقیہ 32

وے کا معائنہ کیا وزیر داخلہ نے ایس سی او سربراہی کانفرنس کے لیے تزئین و آرائش کے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے ہدایت کی کہ تزئین و آرائش اور تعمیراتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ محسن نقوی نے وی وی آئی پی روٹس سے تجاوزات ہٹانے کا بھی حکم دیا۔انہوں نے کہا کہ ایس سی او سربراہی کانفرنس کے شایان شان انتظامات کئے جائیں گے۔

بقیہ 33

سین چین کی اور 24 اکتوبر یوم تاسیس بھرپور طریقے سے منانے کا اعادہ کیا۔ اجلاس سے مرکزی سیکرٹری جنرل سردار آفتاب عالم، فنانس سیکرٹری سردار راشد رشید، نائب صدر نمبردار نذیر، مرکزی ڈپٹی چیف آرگنائزر رضوان ایڈووکیٹ، مرکزی کوآرڈینیٹر سردار وحید، ڈپٹی سیکرٹری جنرل سردار عارف خان، چیئرمین میڈیا سیل سردار ممتاز خان، ممبران ایڈوائزری کمیٹی شیخ جاوید انظار، سردار رحیم اشرف، سردار تسلیم بابی نے شرکت کی۔یوم تاسیس 24 اکتوبر کے حوالے سے ایک کمیٹی تشکیل دی جو کہ درج ذیل ممبران پر مشتمل ہو گی۔سردار آفتاب عالم، ایڈووکیٹ، سردار یاسر الطاف ایڈووکیٹ، سردار شوکت گوہر، پلندری، رضوان مصطفائی ایڈووکیٹ، سردار نثار، کھائی گلہ، سردار خورشید خان، سردار ندیم اسحاق، سردار وحید اکرم، سردار راشد رشید، انجینئر اختر کیانی، شیخ جاوید انظار، سردار رحیم اشرف، سردار الطاف خان، سردار لیاقت علی، سردار تسلیم بابی، سردار نعیم آکاش، سردار شہزاد رفیق، سردار شاہد اختر، سردار افراز انجم، سردار طالب، خرنائیں، سردار طارق، تھوراڑ، ٹھیکیدار امتیاز خان، سردار سجاد، ڈسٹرکٹ کونسلر شامل ہیں۔

بقیہ 34

روح کو ایصال ثواب کے لئے دعا کی گئی۔دعائیہ تقریب کی میزبانی سابق وزیر حکومت و مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماؤں سردار محمد نعیم، سردار فاروق سکندر اور ممبر ڈسٹرکٹ کونسل سردار عمیر نعیم نے کی جبکہ تقریب میں سابق وزیراعظم راجہ فاروق حیدر خان، سابق وزیر راجہ محمد نصیر، سابق سینئر وزیر و سیکرٹری جنرل مسلم لیگ ن آزاد کشمیر چوہدری طارق فاروق، سابق وزیر خوراک سید شوکت شاہ، سابق سینئر وزیر ملک محمد نواز، سابق وزیر چوہدری یاسین گلشن، ڈپٹی کمشنر چوہدری حق نواز، ڈی ایس پی محمد الیاس، سینئر رہنما ملک ذوالفقار، خورشید قادری، سابق سیکرٹری اکرم کیانی، چوہدری شیر عالم ایڈووکیٹ، سابق مشیر ملک کرامت، سابق صدارتی مشیر منان گوہر، چیئرمین مسلم لیگ ن یوتھ آزاد کشمیر فتح محمود کیانی، راجہ ایاز نثار سمیت سینکڑوں افراد نے شرکت کی، مولانا ظفر عطاری نے دعا کرائی۔تقریب کے دو سیشن ہوئے پہلے سیشن میں قرآن خوانی و دعا جبکہ دوسرے سیشن میں تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا جس میں سابق وزیراعظم کی تحریکی و سیاسی خدمات کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

بقیہ 35

سے عوامی خدمات میں بہتری، نجی شعبے کا کردار بڑھے گا، ہمارا مقصد کم آمدنی والے طبقات کو فائدہ پہنچانا ہے۔یہ باتیں پاکستان کے لئے آئی ایم ایف کی نمائندہ ماہیر بیچی رونڈ نے پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی کے زیر اہتمام پاکستانی معیار زندگی اور اقتصادی بہتری کو بلند کرنے کے موضوع پر ایک مکالمہ سے خطاب کرتے ہوئے کہیں،انہوں نے تسلیم کیا کہ پاکستان نے معاشی اہداف مکمل کر کے جو معاشی استحکام حاصل کیا ہے اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔انہوں نے مزید کہا کہ مجموعی طور پر ایس بی اے کی تکمیل نے 2023 کے وسط سے قابل ذکر تبدیلی کو ممکن بنایا ہے۔پالیسی سازی میں اعتماد میں بہتری آئی ہے، شرح نمو مستحکم ہوئی ہے اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی کے ساتھ دانشمندانہ مانیٹری پالیسی کی وجہ سے افراط زر میں بھی ڈرامائی طور پر کمی آئی ہے

بقیہ 36

میں تدریسی و تعلیمی سہولیات سمیت مختلف امور پر بریفنگ دی۔اس موقع پر فیکلٹی آف انجینئرنگ کے فیکلٹی ممبران ڈاکٹر ولید، ڈاکٹر بشیر حیات، انجینئر احسان صادق، ڈین میڈیکل ہیلتھ سائنسز ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان، ڈائریکٹر اورک ڈاکٹر عابد حسین اور دیگر بھی موجود تھے۔بعد ازاں ٹیم کے ارکان نے جامعہ پونچھ کے کیمپس، کلاس روم، لیبارٹریز اور لائبریری کا تفصیلی معائنہ کیا۔ٹیم نے معیار پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے سہولیات میں مزید بہتری کیلئے ہدایات دیں۔اس موقع پر رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف خان نے کہا کہ طلباء و طالبات کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کیلئے ٹیکنالوجی کونسل کی تجاویز و سفارشات پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 37

پاکستان نے مندوبین کے لیے سکیورٹی کے تحت انتظامات کر رکھے ہیں۔خط میں کہا گیا کہ شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس کے دوران تمام سفارت کار اپنی نقل و حرکت کو محدود رکھنے پر غور کریں۔دفتر خارجہ نے غیر ملکی سفارت کاروں کو اپنی سرگرمیوں کو ریڈ زون اور ڈپلومیٹک انکلیو تک محدود رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ غیر ملکی سفارتی مشنز ٹریفک پولیس کے جاری پلان کو فالو کریں۔دفتر خارجہ نے خط میں مزید کہا کہ وزارت خارجہ شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس کو کامیاب بنانے میں سفارتی مشنز کے تعاون کی خواہاں ہے۔

بقیہ 38

یم اجلاس کے لئے پولیس نے تاجروں کو نوٹسز جاری کر دیئے، جاری کردہ نوٹس میں 12 سے 16 اکتوبر تک شادی ہالز، کیفے، ریسٹورنٹ اور سنوکر کلب بند کرنے کا حکم دیا گیا۔پولیس رپورٹ کے مطابق نوٹس کی خلاف ورزی کے مرتکب تاجروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی، فیصلے پر عملدرآمد کے لئے تھانہ رئیس کورس پولیس نے تاجروں سے شورٹی بانڈز بھی طلب کر لیے، نوٹسز تھانوں کے ایس ایچ اوز کی جانب سے جاری کئے گئے۔

بقیہ 39

جات میں سینکڑوں غریب ایڈہاک و عارضی ملازمین کام کر رہے ہیں جن میں اکثریت کی مدت ملازمت دو سال سے لے کر پچیس سال ہو چکی ہے اور وہ حکومت سے ہمدردی کی امید لگائے ہوئے ہیں کہ حکومت جلد مستقلی کا مسودہ قانون اسمبلی میں پیش کرے گی اور انہیں جلد مستقل کرے گی حکومت کا آئینی فرض ہے کہ ایڈہاک و عارضی ملازمین کو ان کی مستقلی کا حق دے، ملازمین کی اکثریت اپنی عمر کی بالائی حد کراس کر چکی ہے، اور وہ ذہنی کرب و اذیت میں مبتلا ہیں حکومت سے ملازمین امید رکھتے ہیں کہ انہیں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ملازمت کا تحفظ فراہم کیا جائے دوران اجلاس اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ جب تک حکومت آخری ملازم کو مستقل نہیں کرتی اس وقت تک کور کمیٹی کی جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 40

راولپنڈی جانے والا ٹریفک نائنتھ ایونیو استعمال کرے گا جبکہ فیصل ایونیو سے زیرو پوائنٹ جانے والا ٹریفک نائنتھ ایونیو کی طرف موڑ دیا جائے گا۔ٹریفک پولیس کے مطابق بہارہ کہو سے راولپنڈی جانے والے شہری کورنگ روڈ یعنی کال لہتراڑ روڈ استعمال کریں گے، راولپنڈی سے اسلام آباد آنے والا ٹریفک صدر اور مری روڈ سے نائنتھ ایونیو استعمال کرے گا۔ زیرو پوائنٹ، فیصل ایونیو سے کورال چوک تک ایکسپریس وے آنے جانے کے لئے ٹریفک بند ہو گی، شہری متبادل طور پر ایکسپریس وے کے لئے سروس روڈز استعمال کریں۔ٹریفک پولیس نے کہا کہ کرنل شیر خان روڈ سے فیض آباد آنے والے شہری نائنتھ ایونیو سگنل سے سٹیڈیم روڈ استعمال کریں گے۔

بقیہ 41

منصفانہ جدوجہد میں مصروف کشمیریوں کے خلاف اس مظالم میں تیزی لائی ہے اور اس نے 2019 میں جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت بھی چھین لی۔ کشمیری مسلمانوں کو بی جے پی حکومت کی طرف سے نسل کشی کا سامنا ہے۔مقبوضہ جموں و کشمیر میں نہتے لوگوں پر وحشیانہ مظالم اور بھارت میں اقلیتوں پر مسلسل حملے عالمی برادری کیلئے ایک چیلنج ہیں، انسانی حقوق کے عالمی اداروں کو بھارتی اقلیتوں اور کشمیری مسلمانوں کو مودی حکومت کے جبر سے بچانے کیلئے کردار ادا کرنا ہو گا۔ ادھر مودی کے بھارت میں مسلمان اور دیگر اقلیتیں انتہائی غیر محفوظ ہیں آر ایس ایس کی حمایت یافتہ بی جے پی حکومت ملک میں اقلیتوں خاص طور پر مسلمانوں کا نام و نشان مٹانے پر تلی ہوئی ہے۔ بھارت میں مسلمان اور دیگر اقلیتیں خوف کی ایک مستقل حالت میں زندگی بسر کر رہی ہیں، ہندو انتہا پسندوں کی طرف سے اقلیتوں کو روز نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ہندو غنڈے مسلمان نوجوانوں کو پیٹ پیٹ کر قتل کر رہے ہیں، مساجد اور گرجا گھروں کو نشانہ بناتے ہیں۔ بی جے پی 2014 میں برسر اقتدار آئی تو اس نے ہندو انتہا پسندوں کو مسلمانوں، عیسائیوں، سکھوں کو نشانہ بنانے کی کھلی چھٹی دی۔

بقیہ 42

پاکستان کے اقوام متحدہ میں مستقل مندوب منیر اکرم نے سلامتی کونسل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت میں جوہری مواد کی چوری اور غیر قانونی فروخت کے واقعات پر پاکستان کو تشویش ہے، پڑوسی ملک سے جوہری مواد چوری اور فروخت ہو رہا ہے، رواں سال 100 ملین ڈالر کا تابکاری مواد پکڑا جا چکا ہے۔منیر اکرم نے کہا کہ انتہائی تابکار، زہریلا مادہ کیلیفورنیم ایک گروپ کی غیر قانونی ملکیت میں پایا گیا، اس ملک میں بھی کیلیفورنیم کی چوری کے 2021 میں 3 واقعات سامنے آئے۔انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل ایسے واقعات روکنے کے لیے اقدامات کرے، پڑوسی ملک سے جوہری مواد چوری اور فروخت کی سلامتی کونسل کو فوری طور پر تحقیقات کرنی چاہئیں۔پاکستانی مندوب نے کہا کہ ٹیکنالوجی تک مساوی رسائی کے لئے جامع کثیرالجہتی گروپ قائم کیا جائے، پاکستان نے اقوام متحدہ کی قرارداد کے تحت اپنے فرائض کامیابی سے انجام دیئے، حساس سامان اور ٹیکنالوجیز کی منتقلی کے لئے مضبوط کمانڈ اور کنٹرول سسٹم قائم کیا۔منیر اکرم نے کہا کہ پاکستان نے قرارداد 1540 کے نفاذ کے حوالے سے 6 مکمل رپورٹس جمع کروائیں، قومی رابطہ نقطہ مقرر کیا، رضاکارانہ قومی ایکشن پلان اپنایا، دیگر ممالک کو تکنیکی مدد فراہم کی اور علاقائی تعاون کو فروغ دیا، جس میں 1540 کے نفاذ پر ایک علاقائی سیمینار بھی شامل تھا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دوہری استعمال والی ٹیکنالوجیز کے پرامن استعمال کے حقوق کا تحفظ کیا جائے اور برآمدات کنٹرول کے نظام کو جبر یا امتیاز کے آلے کے طور پر استعمال نہ کیا جائے۔

بقیہ 43

نے بتایا کہ انتظار پنجوتھا کی آخری لوکیشن ایف 6 ہے، جس کے بعد معلوم نہیں کہاں گئے۔آئی جی اسلام آباد نے بتایا کہ نیشنل انویسٹی گیشن ٹیم بنائی ہے ایس ایس پی انویسٹی گیشن سربراہی کریں گے، ڈیجیٹل سرویلنس، سیف سٹی کیمروں سے ہم نے کوشش کی ہے، ایف 6 اور ایوب چوک کے کیمروں میں انتظار پنجوتھا کی گاڑی نظر آتی ہے، یہ بھی معلوم ہوا ہے مرزا آصف ایڈووکیٹ کے ساتھ وہ آبپارہ گئے۔آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ ایک موبائل نمبر سامنے آیا ہے جو واٹس ایپ پر ہے، واٹس ایپ لوکیشن ہم آئی پی سے لیتے ہیں لیکن ابھی کچھ معلوم نہیں، آخری دفعہ گاڑی ایوب چوک دیکھی گئی جبکہ وکیل مرزا آصف کے بیان کے مطابق آخری دفعہ آبپارہ گئے تھے، ہم نے دیگر آئی جیز کے ساتھ گاڑی اور موبائل نمبر بھی شیئر کیا ہے۔چیف جسٹس نے کہا کہ آئی جی صاحب یہ کیوں ہو رہا ہے؟ اس پر آگاہ کریں، وزارت دفاع سے رپورٹ منگوا رہا ہوں، اس کا مجاز افسر بھی بلا رہا ہوں، رپورٹ منگوا کر آج (جمعہ) کے لئے کیس رکھ رہا ہوں۔وکیل نے کہا کہ ہمیں تو امید تھی کہ آئی جی صاحب انتظار پنجوتھا کو لے کر آئیں گے، اس پر چیف جسٹس بولے کہ اگر آئی جی صاحب کے پاس کوئی ایسی چھڑی ہوتی تو وہ لے آتے۔بعد ازاں اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کے وکیل انتظار پنجوتھا کی بازیابی سے متعلق درخواست پر سماعت آج (جمعہ تک) ملتوی کر دی۔

بقیہ 44

کو دور کرنے کیلئے اہم پیش رفت ہے' تمام لوگوں نے بالخصوص نظریات' جماعت' علاقہ برادری وزیراعظم کا استقبال کیا جس پر ہم تمام لوگوں کے مشکور ہیں۔تقریب کے مہمان خصوصی ڈی سی پونچھ ڈویژن ممتاز کاظمی تھے جبکہ صدارت معروف سیاسی و سماجی شخصیت حاجی عبدالرشید نے کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈی سی پونچھ، حاجی عبدالرشید، ایس ایس پی ریاض مغل، انجمن تاجران کے صدر ماما ارشد، چیئرمین ٹاؤن کمیٹی کھائی گلہ طلعت محمود، خالد محمود، ظفر محمود، قطار خان و دیگر تقریب سے خطاب کیا جبکہ نظامت کے فرائض ترجمان ٹاؤن کمیٹی ناصر حنیف نے سرانجام دیئے۔ڈپٹی کمشنر پونچھ نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ آپ لوگ شہری ترقی اور عوامی حقوق کیلئے ایک پیج پر ہیں۔وزیراعظم کے اعلان کردہ تمام منصوبہ جات پر عملدرآمد ہو گا آج آپ کو فائر بریگیڈ کی گاڑی دی جا رہی ہے جلد ہی ایمبولینس بھی دی جائے گی اور ٹاؤن کمیٹی کے دفتر کیلئے اراضی کا بھی انتظام کریں گے۔انہوں نے کہا کہ آپ تمام لوگوں کا شکریہ کہ آپ نے دورہ وزیراعظم کے دوران تاریخی اتفاق و اتحاد کا مظاہرہ کیا۔کھائی گلہ شہر کی ترقی اور وزیراعظم کے دورے کی کامیابی میں حاجی عبدالرشید عامر الطاف' فاروق عبداللہ سمیت تمام تاجروں کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے وزیراعظم کے دورے کو کامیاب کروایا۔کھائی گلہ سیاحت کا گیٹ وے ہے اس شہر میں امن ہو گا تو سیاح یہاں آئیں گے اور لوگوں کے کاروبار میں بھی ترقی ہو گی۔اس لئے تمام لوگ کھائی گلہ شہر کی ترقی کیلئے مل کر اپنا کردار ادا کریں۔حاجی عبدالرشید نے کہا کہ وزیراعظم کے دورے میں بار بار روڑے اٹکائے گئے تاہم ہم وزیراعظم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں جنہوں نے حلقہ تین کا دورہ کیا اور یہاں جن منصوبہ جات کا اعلان کیا ان پر عملدرآمد بھی فوری شروع کیا۔یہاں کچھ لوگ چالیس سال تک برسراقتدار رہے مگر آج تک اپنے علاقے کیلئے کچھ نہ کر سکے تاہم موجودہ وزیراعظم نے اپنے اعلانات پر عملدرآمد کر کے حلقے تین کے عوام کے دل جیت لئے ہیں۔

بقیہ 45

روز ڈاکٹر حامد رشید کے علاوہ ڈاکٹر اعظم و دیگر سیاسی سماجی علمی و ادبی حلقوں کے اکابرین اور سول سوسائٹی کے زعماء نے اس دن کے حوالے سے مختلف تقاریب میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس دن کا مقصد اس مرض سے متعلق آگاہی کے ساتھ، مثبت طرز فکر کا فروغ بھی ہے۔عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کی ایک حالیہ تحقیق کے مطابق دنیا بھر میں تقریباً ایک بلین سے زائد افراد جبکہ پاکستان و آزاد کشمیر میں 40 فیصد افراد مختلف اقسام کے ذہنی عوارض کا شکار ہیں اور ان میں بھی 90 فیصد افراد کو وہ سہولتیں میسر نہیں جن کی انہیں ضرورت ہے۔اینگزائٹی اور ڈپریشن دو ایسے ذہنی عوارض ہیں جو دنیا میں سب سے زیادہ عام ہیں۔کام کی جگہ پر ہراسمنٹ، بدسلوکی کا تعلق ڈپریشن کے خطرے میں سو فیصد اور اضطراب پیدا ہونے کے خطرے میں بھی بے حد اضافے کی وجہ بن رہا ہے۔'' پاکستان و آزاد کشمیر میں کام کی جگہ پر ہراساں کرنا ایک عام معمول ہے اور ایسے افعال کو میڈیا میں کم رپورٹ کیا جاتا ہے لیکن مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ تقریباً 45 سے 70 فیصد ملازمین نے کام کی جگہ پر کسی نہ کسی طرح کی ایذا رسانی کا سامنا کیا ہے۔

بقیہ 46

کرلی۔جمعرات کے روز وزیر اطلاعات پیر محمد مظہر سعید شاہ نے محکمہ اطلاعات کی ترقیاتی سکیم کے تحت تیار کردہ DSNG وین کی آزمائشی لائیو کوریج کی ٹیسٹنگ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر اطلاعات راجہ شاہد حسین، انجینئرنگ منیجر آزاد جموں و کشمیر ٹیلیویژن اخلاص احمد، سامان تنصیب کرنے والی فرم کے انجینئر عادل اختر اور محکمہ اطلاعات کے آفیسران نے وزیر اطلاعات کو DSNG وین کے حوالہ سے بریفنگ دی اور آزمائشی طور پر پاکستان ٹیلیویژن کی فریکوئنسی سے سگنل سٹیلائٹ کے ذریعے اپ لنک کیا جسے پاکستان ٹیلیویژن کارپوریشن کے ہیڈکوارٹر پر ڈاؤن کرتے ہوئے اسکی تصدیق کی گئی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ آزاد کشمیر کے لیے پہلی DSNG وین تیار کرنے کا کریڈٹ محکمہ اطلاعات کو حاصل ہوا ہے جس سے حکومت آزاد کشمیر کی سرگرمیوں کی لائیو کوریج ممکن ہو گی۔میڈیا کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کے لیے محکمہ اطلاعات کو جدید سامان اور ٹیکنیکل سٹاف فراہم کریں گے تاکہ محکمہ اطلاعات میڈیا کے محاذ پر کامیابی کے جھنڈے گاڑ سکے۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل آزاد کشمیر میں منعقدہ تقاریب کی لائیو کوریج کے لیے اسلام آباد سے DSNG وین بھیجی جاتی تھی لیکن اب ہم اس قابل ہو جائیں گے کہ لائیو کوریج کے انتظامات اپنے ایکویپمنٹ سے کر سکیں۔اس سے حکومت آزاد کشمیر کی کارکردگی دنیا بھر میں لائیو دکھائی جا سکے گی اور ساتھ ہی ریاست کے سیاحت اور ہائیڈرل کے پوٹینشل کو بھی دنیا بھر میں دیکھا کر ان شعبوں میں سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا۔ اسکے ساتھ ہی تحریک آزادی کشمیر کے بیس کیمپ سے کشمیریوں کی آزادی کی تحریک کو موثر انداز میں اجاگر کرنے اور مقبوضہ کشمیر کے بھائیوں کی آواز دنیا تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ میڈیا کی جہتیں اب یکسر تبدیل ہو چکی ہیں اگر ہم نے میڈیا کے بدلتے ہوئے رجحانات کو نہ اپنایا تو ہم بہت پیچھے رہ جائیں گے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ سوشل و ڈیجیٹل میڈیا کی مانیٹرنگ کرتے ہوئے حقائق پر مبنی معلومات اور حکومتی رسپانس دینے کے لیے ایک ترقیاتی منصوبہ منظور کرایا گیا ہے جس سے محکمہ اطلاعات کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں مزید نکھار آئے گا اور میڈیا کے جدید چیلنجز سے نبرد آزما ہونے میں مدد ملے گی۔اس کے ساتھ ساتھ فیک نیوز اور مس انفارمیشن کو صحیح معلومات کی فراہمی سے کاؤنٹر کرتے ہوئے عوام کی درست سمت میں رہنمائی ممکن ہو گی۔

بقیہ 47

کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی۔

بقیہ 48

معنوں میں بڑھتے ہوئے برادرانہ و دوطرفہ تعاون کو مضبوط کرنے کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کو مکمل حمایت فراہم کرے گا اور اس تعاون کے روشن نتائج کے لئے پرامید ہیں جو دونوں ممالک کے لئے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔آرمی چیف نے پاکستان کے لیے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی غیر متزلزل حمایت پر تعریف اور شکر گزاری کا اظہار کیا۔پاکستان کا دورہ کرنے والے سعودی عرب کے بڑے کاروباری وفد کی آمد دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کی مظہر ہے۔ملاقات میں اس بات پر زور دیا کہ پاکستانی عوام سعودی عرب کے لئے گہری عزت اور محبت رکھتے ہیں۔

بقیہ 49

امن نہیں ہیں،،اسرائیل کا احتساب ہونا چاہیے، دنیا میں قیام امن مہذب ممالک کی ذمہ داری ہے، علاقائی تعاون اور ڈیجیٹل اکانومی وقت کی اہم ضرورت ہیں،جب تک اکانومی کی ڈیجیٹلائزیشن کی طرف نہیں بڑھیں گے ہم ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ جائیں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز میں چائنہ میڈیا گروپ کے زیر اہتمام ایس سی او کے حوالے سے میڈیا اور تھنک ٹینک سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 50

صورتحال سے بھی نمٹ سکیں۔ان سے کہتا ہوں کہ اپنے اپنے اداروں کو بچائیں، جو کوئی میرے خلاف ریفرنس دائر کرنا چاہتا ہے کل کے بجائے آج کرے، اطمینان رکھیں سال اندر رہوں یا دو سال ضمانت کی درخواست نہیں دوں گا، سب دیکھ آیا ہوں جو جیسا کرے گا اس کو جواب بھی ویسا ہی ملے گا۔سابق وزیراعظم سردار سکندر حیات خان کی تیسری برسی کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے راجہ فاروق حیدر خان کا کہنا تھا کہ یہ نظام نہیں چل سکتا، چوہدری الیاس کو سازش کے ذریعے ٹریپ کیا گیا وہ نااہل ہو گئے جب یہ عہدے اور بنے تھے تب ہی کہہ دیا تھا کہ یہاں سے بیٹھ کر فیصلے کریں جب باہر جائیں گے تو یہی حالات ہوں گے، جو لوگ آج کل میرے بارے میں قیادت کو چغلیاں لگا رہے ہیں میرے پاس بھی تو بہت کچھ ہے، کچھ سامان موجود ہے اگر بتایا تو کچھ لوگوں کو منہ چھپانے کی جگہ نہیں ملے گی۔سالار جمہوریت سردار سکندر حیات خان کے میری ذات پر بے شمار احسانات ہیں، اس بات کا شدید دکھ ہے کہ وہ کون لوگ تھے جنہوں نے ہم سے ہمارا سرمایہ چھینا، میں ساری غلطیاں اپنے سر لیتا ہوں، میری سیاسی تربیت سردار سکندر حیات خان نے کی، سردار قیوم اور سردار سکندر حیات کے مابین رابطہ میرے ذریعے ہی ہوتا تھا،مسلم لیگ ن میں کچھ لوگ قیادت کے درمیان لڑائی کروانا چاہتے ہیں ان کو وارننگ دیتا ہوں کہ باز آجائیں ورنہ انجام اچھا نہیں ہو گا۔آزاد کشمیر میں دو وزیراعظم اسٹیبلشمنٹ کے بغیر بنے پہلے سردار سکندر حیات خان تھے اس کے بعد میں وزیراعظم بنا،سردار سکندر حیات خان کو جماعت نے وزیراعظم بنایا تھا اور مجھے قائد مسلم لیگ ن میاں نواز شریف نے منتخب کیا۔راجہ فاروق حیدر خان کا مزید کہنا تھا کہ سردار سکندر حیات خان نے سیاست میں بہت محنت کی، سفید پوشی کی حالت میں جدوجہد کی مگر کبھی اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا، ہمیشہ اپنے عقائد اور نظریات پر قائم رہے، میں نے ان سے وعدہ کیا تھا کہ آپ کا سگا بھائی آپ کو چھوڑ سکتا ہے مگر میں نہیں چھوڑوں گا اور یہ بات میں نے عملاً ثابت کی،اگر ہم سودے بازی کرتے تو 2021 کے الیکشن کے بعد بھی ہماری حکومت ہوتی، صرف تیرہویں ترمیم واپس کرنی تھی۔راجہ فاروق حیدر خان نے کہا کہ میں موجودہ سیاسی صورتحال کے خلاف بھرپور مزاحمت کا اعلان کرتا ہوں لیکن یاد رکھیں کہ سارا ٹھیکہ میں نے نہیں اٹھایا، پارٹی سب کو بھی اپنے حصے کا کام کرنا پڑے گا۔آزاد کشمیر حکومت کی کارکردگی اور انداز حکمرانی پر کڑی تنقید کرتے ہوئے فاروق حیدر کا کہنا تھا کہ کابینہ کے اجلاس بھی سرکولیشن کے ذریعے منعقد ہوتے ہیں، بجٹ بھی بائے سرکولیشن منظور کروایا جاتا ہے،وزیراعظم کہتا ہے کہ پاکستان میں مافیا کی حکومت رہی ہے ان سے کہتا ہوں بتائیں کہ مافیا کون تھا، سکندر حیات، سردار ابراہیم، کے ایچ خورشید، سردار قیوم، سردار عتیق، چوہدری مجید، قیوم نیازی، تنویر الیاس میں سے کون مافیا تھا حقیقت میں یہ خود مافیا ہے۔کرپشن پر محکمہ خوراک سے ایک ڈی ایف سی کے طور پر کس کو نکالا گیا، سب کو پتہ ہے، ذاتیات پر بات کروں گا تو وہ گنتا جواب ملے گا تیار رہو،بعض لوگ کہتے ہیں کہ میں نے اسے ووٹ دیا تھا تو پھر کیوں ڈالا، سچ یہ ہے کہ ہمیں نہیں پتہ تھا کہ اس نے سپیکر شپ سے استعفیٰ نہیں دینا،اسمبلی کا اجلاس ہو یا ہو تو سپیکر یہ نہیں بیٹھ سکتا،استعفیٰ میں بھی لکھا کہ سپیکر ہوں اور اجلاس بھی بحیثیت سپیکر بلاتی کیا یہ نہیں ہو سکتا کہ پہلے استعفیٰ ہوتا ہے پھر دوسرے عہدے کے لیے الیکشن کا انعقاد کیا جاتا ہے۔سوچ رہا تھا کہ کوئی اور بھی بات کرے گا

بقیہ 51

جماعت اسلامی آزاد کشمیر کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات راجہ ذاکر خان کے مطابق کانفرنس میں غزہ پر اسرائیلی جارحیت کا ایک برس مکمل ہونے پر اہل فلسطین سے اہل کشمیر کی طرف سے یکجہتی کا اظہار اور مقبوضہ کشمیر کی تشویشناک صورت حال کے حوالے سے اقدامات طے کیے جائیں گے،تمام سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے قائدین کو دعوت نامے جاری کر دیے گئے۔

بقیہ 52

ڈی اے اور پولیس کو فریق بنایا گیا تھا جبکہ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا تھا کہ صوبائی حکومت کی پراپرٹی کو غیر قانونی طور پر سیل کیا گیا۔درخواست میں استدعا کی گئی تھی کہ کے پی ہاؤس سیل، سرکاری گاڑیاں تحویل میں لینے کا اقدام غیر قانونی قرار دیا جائے، خیبر پختونخوا ہاؤس کو فوری ڈی سیل کرنے کا حکم دیا جائے۔اس تناظر میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے خیبر پختونخوا ہاؤس کو سیل کرنے کے خلاف خیبر پختونخوا حکومت کی درخواست پر سماعت کی۔وکیل سی ڈی اے نے بتایا کہ غیر قانونی کنسٹرکشن ہوئی، کچھ واجبات بھی باقی ہیں، پہلا نوٹس 2014 میں دیا تھا۔چیف جسٹس عامر فاروق نے سی ڈی اے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ میں ڈی سیل کرنے کا آرڈر کروں گا۔آپ قانون قاعدے کے مطابق یہ کر سکتے ہیں، اگر کچھ ہے تو نوٹس کریں وہ اس کو دیکھ لیں گے، اس طرح نہ کریں کہ لگے آپ کسی کو ٹارگٹ کر رہے ہیں۔بعدازاں اسلام آباد ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا ہاؤس اسلام آباد کو ڈی سیل کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 53

ل کابینہ کے ڈپٹی چیئرمین اور ڈپٹی پرائم منسٹر باتر امانوو نے کیا، ترکمانستان پہنچنے پر صدر مملکت کو روایتی روٹی اور پھول پیش کئے گئے،صدر مملکت ترکمانستان کے قومی شاعر مختوم قلی فراغی کی 300 ویں سالگرہ کی مناسبت سے ہونے والے بین الاقوامی فورم سے خطاب کریں گے

بقیہ 54

مبارک حسین اعوان، ریسکیو 1122، پولیس اہلکار، مقامی لوگوں کی بڑی تعداد موقع پر پہنچ گئی، مقامی لوگوں، ریسکیو 1122 اور پولیس اہلکاروں نے شدید زخمی ڈرائیور کو گہری کھائی سے نکال کر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ہٹیاں بالا پہنچایا تشویشناک حالت کے باعث اسے سی ایم ایچ مظفرآباد ریفر کیا گیا لیکن وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار گیا، جبکہ امان ولد بشارت حادثہ کے مقام سے تقریباً تین کلو میٹر قبل گاڑی سے اتر جانے کے باعث معجزانہ طور پر بچ گیا، جاں بحق ہونے والے نوجوان آفاق اعوان کی نماز جنازہ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ٹوگراں میں ادا کی گئی، جس میں ہر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی مرحوم آفاق اعوان کو آبائی قبرستان میں ہزاروں سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے سائے میں سپرد خاک کر دیا گیا، یاد رہے کہ گزشتہ آٹھ روز میں سرینگر مظفرآباد روڈ پر ضلع جہلم ویلی میں یہ چوتھا حادثہ ہے۔

بقیہ 55

کرلی۔جمعرات کے روز وزیر اطلاعات پیر محمد مظہر سعید شاہ نے محکمہ اطلاعات کی ترقیاتی سکیم کے تحت تیار کردہ DSNG وین کی آزمائشی لائیو کوریج کی ٹیسٹنگ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر اطلاعات راجہ شاہد حسین، انجینئرنگ منیجر آزاد جموں و کشمیر ٹیلیویژن اخلاص احمد، سامان تنصیب کرنے والی فرم کے انجینئر عادل اختر اور محکمہ اطلاعات کے آفیسران نے وزیر اطلاعات کو DSNG وین کے حوالہ سے بریفنگ دی اور آزمائشی طور پر پاکستان ٹیلیویژن کی فریکوئنسی سے سگنل سٹیلائٹ کے ذریعے اپ لنک کیا جسے پاکستان ٹیلیویژن کارپوریشن کے ہیڈکوارٹر پر ڈاؤن کرتے ہوئے اسکی تصدیق کی گئی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ آزاد کشمیر کے لیے پہلی DSNG وین تیار کرنے کا کریڈٹ محکمہ اطلاعات کو حاصل ہوا ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✱ ایڈیٹر: عمر خیام

مقبوضہ کشمیر میں مودی کے سیاسی بیانیے کو بری طرح شکست

برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کے مطابق جموں کشمیر کی نئی حکومت ایک میونسپلٹی جیسی ہوگی جہاں وزیراعلیٰ کو صرف اس فائل پر دستخط کرنا ہوں گے جسے گورنر ہاؤس سے گرین سگنل ملے گا۔ نئی دہلی کے نمائندے لیفٹیننٹ گورنر کو امن و قانون، مالیات، اور دوسرے اہم معاملوں میں بااختیار بنایا گیا ہے۔ کابینہ کے اجلاس کے ایجنڈا دو دن پہلے گورنر ہاؤس بھیجنا ہوگا۔ اسی طرح پولیس محکمے کی کمان براہ راست نئی دلی کے پاس رہے گی، حکومت کسی منصوبے پر رقم مخصوص کرنے کے لیے بھی لیفٹیننٹ گورنر کی محتاج ہوگی۔ بی بی سی کے مطابق جموں وکشمیر میں انتخابات مکمل ہو گئے ہیں۔ انتخابی نتائج میں کشمیر کی سب سے پرانی سیاسی جماعت نیشنل کانفرنس کو دو دہائیوں بعد صوبائی اسمبلی میں ملنے والی برتری کو خطہ کشمیر سے متعلق انڈین وزیراعظم نریندر مودی کے سیاسی بیانیے کی شکست سے تعبیر کیا جا رہا ہے۔ مودی حکومت کی طرف سے مسلسل یقین دہانیوں کے باوجود جموں کشمیر کے لیے باقاعدہ ریاست کا درجہ ابھی تک بحال نہیں کیا گیا ہے۔ اس دوران لیفٹنٹ گورنر کے اختیارات میں توسیع کی گئی ہے۔ اکثر حلقے کافی عرصے سے کہہ رہے ہیں کہ جموں کشمیر کی نئی حکومت ایک میونسپلٹی جیسی ہوگی جہاں وزیراعلیٰ کو صرف اسی فائل پر دستخط کرنا ہوں گے جسے گورنر ہاؤس سے گرین سگنل ملے گا۔ سینئر صحافی اور تجزیہ نگار شیخ قیوم کا بھی یہی خیال ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ایسا لگتا ہے کہ یہ حکومت وزرا کی، وزرا کے لیے اور وزرا کے ذریعے ہوگی۔ جبکہ صحافی ریاض ملک کہتے ہیں کہ لیفٹیننٹ گورنر کو امن و قانون، مالیات، اور دوسرے اہم معاملوں میں بااختیار بنایا گیا ہے۔ کابینہ کے اجلاس کے ایجنڈا دو دن پہلے گورنر ہاؤس بھیجنا ہوگا۔ اسی طرح پولیس محکمے کی کمان براہ راست نئی دلی کے پاس رہے گی، حکومت کسی منصوبے پر رقم مخصوص کرنے کے لیے بھی لیفٹیننٹ گورنر کی محتاج ہوگی۔

واضح رہے بی جے پی جموں سے 29 سیٹیں حاصل کر کے نیشنل کانفرنس کے بعد دوسری بڑی پارٹی کے طور پر ابھری ہے۔ سنہ 2014 کے الیکشن میں بی جے پی کو جموں سے 25 سیٹیں ملی تھیں۔ بی جے پی اس بار پہلے کی نسبت اپنی سیٹوں کی تعداد میں چار سیٹوں کا اضافہ کرنے میں کامیاب رہی ہے۔ مبصرین کہتے ہیں مودی حکومت نے پہلے ہی گورنر کو پانچ اراکین کو اسمبلی ممبر کے طور نامزد کرنے کا اختیار دیا ہے۔ یہ نامزد ممبران پاکستان کے ہندو مہاجرین اور کشمیری پنڈتوں پر مشتمل ہوں گے۔ ریاض ملک کہتے ہیں کہ یہ پانچ بھی اگر بی جے پی کے ممبران کے ساتھ جوڑ دیے جائیں تو اسمبلی میں بی جے پی کی عددی قوت 34 تک پہنچ جائے گی اور اگر بعض آزاد امیدواروں نے بھی بی جے پی کی حمایت کی تو حکومت کو ایک نہایت طاقتور اپوزیشن کا سامنا ہوگا، جو حکومت کا جینا حرام کر سکتی ہے۔ جموں وکشمیر کے انتخابات کی خاص بات یہ تھی کہ وزیراعظم نریندر مودی اور ان کی پارٹی کے رہنما پہلی مرتبہ ہندو چیف منسٹر بنانے اور جموں کشمیر میں اقتدار حاصل کرنے کے مسلسل دعوے کر رہے تھے۔ ان انتخابات میں فاروق عبداللہ اور عمر عبداللہ کی نیشنل کانفرنس نے راہل گاندھی کی انڈین نیشنل کانگریس کے ساتھ انتخابی اتحاد کیا تھا۔ نیشنل کانفرنس اپنے بل بوتے پر 40 سے زیادہ سیٹوں پر فتح حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی جبکہ کانگریس چھ سیٹیں جیت پائی۔ اس طرح 90 سیٹوں پر مشتمل جموں کشمیر اسمبلی میں نیشنل کانفرنس اور کانگریس کے اتحاد نے واضح اکثریت حاصل کی ہے۔ ایک طرف دنیا بھر کا میڈیا کشمیر کے ان انتخابات کو مودی کے قابض بیانیہ کو شکست کی تردید کر رہا ہے تو دوسری جانب دنیا بھر کے ٹھیکیداروں نے اس مسئلہ سے مکمل آنکھیں بند کر رکھی ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ کشمیریوں کے اس فیصلہ کو تسلیم کرتے ہوئے انہیں ان کا حق دلوانے کیلئے ہنگامی کردار ادا کیا جائے ورنہ بہت جلد یہ لاوا پھٹنے کو ہے اور سب کو اپنی لپیٹ میں لے گا۔

دوسرے کنارے پر کھڑا شخص

چٹکا
ڈاکٹر محمد صغیر خان

کہنے کو میں اسے بچپن سے نہ سہی لڑکپن سے تو جانتا ہی ہوں لیکن جب بھی میں نے سنجیدگی سے اس کی جانکاری سے متعلق سوچا تو مجھے یوں لگا کہ میں اس درمیانے قد، گول چہرے، مناسب جثے والے چلتے مسکراتے شخص، جو مدتوں سے سر چہرے پر سفید بال اوڑھے، بزرگی کی چال چلتا مسلسل آگے بڑھتا رہا ہے، کو بالکل بھی نہیں جانتا۔ بس شاید اتنا ہے کہ اس کی ایک پرچھائی سی ہے جو میری سوچوں پر چھائی سی ہے۔ وہ ایک مستقل مزاج انسان ہے جو گاؤں گوٹھ کی عمومی زندگی جیتا، آج 'مخصوص حیات' کی حدوں کو پار کر چکا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ اس کا اور میرا بچپن لڑکپن ملتا جلتا سا گزرا ہوگا کہ ہم اس عہد کے اکثر دوسروں کی طرح ان لوگوں میں شامل رہے ہیں جنہیں حدود یہ سلوک الحالی سے نہ بھی پالا پڑا ہو مگر کسی نوع کی مرفہ الحالی نے بھی ہمارے کچے ڈیروں میں جھانکی نہ ماری ہوگی۔ وہ اسی دیہاتی زندگی کا جم پل ہے جو آج بھی میرے اندر پورے طور پر رواں دواں ہے اور عہد جدید کے کرداروں کے لئے بے حد گراں ہے۔ وہ ذہین، فطین تو تھا ہی لیکن ایک مخصوص سوچ اور ضبط سے جڑ کر وہ ایک خاص تہذیب و ترتیب سے بھی ملا سا ہوا۔ میں نے دہائیوں قبل جب اسے دیکھا وہ ان کے دوسری جانب نہیں بلکہ دریا کے دوسرے کنارے پر کھڑا تھا یا میں اس کے حساب سے ''پرلے کنڈے'' جا پڑا تھا۔ وہ اپنے کنڈے اپنی راہ چلتا رہا۔ کبھی تیز کبھی ہولے ہولے۔ وہ مسلسل محو سفر رہا۔ بدلتے حالات میں بھی اس نے اپنی راہ نہیں بدلی، سو راستوں کے اختلاف کے باوجود، اس کی یہ مستقل مزاجی مجھ ایسے ''کوال گدروں'' کے دل میں اس کے لئے عزت و احترام کا سبب ہوئی۔ اتفاق سے تب سے اب تک ہم ہمیشہ ساتھ ساتھ رہے مگر کبھی بھی ایک ساتھ نہیں رہے۔ صد شکر کہ یہ دوری کبھی 'فتوری' کے ذائقے سے آشنا نہیں ہوئی بلکہ یہ اور طرح کے ''چسکا'' اور مزہ دیتی رہی۔

سیاسی اور فکری مستقل مزاجی اور بعد کے باوجود یہ ماننا پڑتا ہے کہ وہ ایک قابل و ذہین فرد ہے جس نے ہر موقع پر اپنی قابلیت ثابت کی ہے۔ وہ طلبہ سیاست میں فعال رہا تو طلبہ قیادت میں بھی اگلی صفوں میں گنا جاتا رہا۔ ایک استاد کے طور پر اس نے بے پناہ عزت کمائی اور اساتذہ کی سیاست، قیادت بھی اپنے سیکھے ہنر طریقے کے باعث سلیقے سے کی۔ تعلیمی عمل میں وہ مسلسل آگے بڑھتا رہا، اس نے نہ صرف ڈاکٹریٹ کیا بلکہ اب تو پوسٹ ڈاکٹریٹ کا خرابطہ تھامے وہ ہم سب میں سے زیادہ نمایاں اور باوقار ہے۔ وہ محض 'مخطیب' ہی نہیں ایک مکمل ادیب بھی ہے اور کھرا محقق اور نقاد بھی۔ اس کی خوش بختی رہی ہے کہ اسے ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی کا قرب حاصل رہا اور ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر کا ساتھ بھی۔ فکری ہم آہنگی، نظریاتی یکسانیت اور تعلیمی عمل میں یکجائی نے اس کے سیکھنے کیلئے زیادہ مواقع بہم کیے اور آگے بڑھنے میں معاونت بھی کی۔ وہ منجھا نثر نگار ہے۔ اس کا ثبوت جہاں 'وادی گیوش میں' ہے وہاں سفرنامہ حرم بھی اس کی کھلی گواہی ہے۔ وہ تحقیق و تدوین میں بھی آگے کے بڑھا ہے، یہاں اس نے ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی اور ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر کے ''ناموں'' کو خوبصورتی سے مدون کیا ہے۔ اسی طرح اس نے اپنی لعال زندگی کی کچھ مجلسوں کو محفل دریچہ کی صورت لکھا تو ساتھ ہی اقبال اور کشمیر کے تعلق کو بھی موضوع بنایا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ 'اقبالیات' اب اس کا 'اوڑھنا بچھونا' یا اس کی ایک پرت من چلی ہے کہ پوسٹ ڈاکٹریٹ کے لئے یہی موضوع چنا گیا ہے۔ اقبال کے ساتھ قائداعظم کا ذکر لازم ہے۔ اس نے اسے بھی نہ چھوڑا اور ''قائداعظم اور مشاہیر کشمیر'' کے عنوان تلے ان کے خطوط مدون کر ڈالے۔

وہ ظفر ہے اور ظفر حسین ظفر بھی۔ وہ ہر سے ظفر نے اس کیلئے کامیابی کے مزید در کھولے۔ اس عمل میں اس نے اپنی نظریاتی وابستگی کو سامنے رکھا اور تحقیقی سفر میں بھی اسے رہبر کیا۔ اپنے حساب سے وہ سکہ بند نظریاتی ہے لیکن ایک بالغ نظر سیاسی کارکن کے طور پر وہ برداشت اور مروت کو ہم سفر رکھتا ہے۔ یوں اس کا حلقہ احباب کافی وسیع ہے۔ وہ حلقے اور احباب کے انتخاب میں پوری سیاست کا مظاہرہ کرتا ہے، یہی وجہ ہے کہ وہ تعلق میں دراڑ نہیں پڑنے دیتا اور کسی نہ کسی طرح سے پسندیدہ اور مجھ ایسے ناپسندیدہ کرداروں سے بھی ناطہ نبھائے جاتا ہے۔ وہ بلاشبہ ایک ہمہ جہت شخصیت کا مالک ہے۔ استاد، ادیب، سیاسی کارکن بلکہ رہنما، ٹریڈ یونین لیڈر، سماجی رابطہ کار اور بہت کچھ۔ وہ مطالعے کا رسیا بھی ہے مگر اس باب میں بھی وہ اپنی پسند کو ترجیح دیتا ہے اور کبھی بھی ایسا کچھ نہیں پڑھتا جو اس کی عادت خراب یا بدل دے۔ وہ خوش گفتار اور ملنسار شخص ہے۔ یوں تو شاید دوستوں کی محفل میں چہکتا مہکتا ہوگا لیکن باقی مجلسوں پر دیکھ بھال کر کام کی بات کرتا ہے۔ وہ خوش قسمت بھی ہے کہ اسے زندگی میں بہت سی کامیابیاں ملی ہیں اور مسلسل یہ عمل جاری ہے، لیکن وہ رب کی رضا کے تحت ایک سخت ترین مرحلے سے بھی گزرا ہے۔ اس کا جواں سال بیٹا جب ایک نہ ختم ہونے والے سفر پر نکل کھڑا ہوا تو یقیناً وہ ٹوٹا ہوگا، بکھرا ہوگا، تڑپا ہوگا اور رویا ہوگا۔ مگر اس نے پھر ہمت کی، خود کو مجتمع کیا اور دوبارہ کمر باندھ کس کر اٹھ کھڑا ہوا۔

زندگی کے ایک طویل سفر کے بعد جب وہ ایک نئی سمت جانے والا ہے تو میرا گمان ہے کہ پرانی راہ پر دوبارہ چل نکلے گا۔ کیونکہ اس نے وہ راستہ کبھی چھوڑا ہی نہیں۔ وہ جب وہ سب نہیں کرتا ہوتا تھا تب بھی وہی سب کرتا رہا۔ ہاں یہ اس کی بلند بختی ہے کہ اس سب پر اس جیسوں کی سرزنش نہیں ہوئی جس پر ہم غریب غرباء کی باقاعدہ پکڑ ہو جاتی ہے۔ ممکن ہے وہ کسی اور راہ پر چل پڑے لیکن مجھے یقین ہے کہ گھوم پھر کر وہ راستہ بھی واپس وہیں آئے گا جہاں وہ ہے یا جہاں وہ ہونا چاہے گا۔ ڈاکٹر ظفر حسین ظفر، ایک خوش وضع شخص ہے۔ اسی لئے بحیثیت سارے اس سے خوش رہتے ہیں لیکن اس کا ہرگز مطلب یہ نہیں کہ میں اور وہ ایک ہی ہیں۔ ہم دراصل دریا کے دو کناروں کی طرح ہیں۔ میں دریا کے ایک کنارے پر کھڑا ہوں تو وہ دوسرے کنارے پر کھڑا ہے۔ دریا کے دوسرے کنارے پر کھڑا وہ شخص جو بھی ہے جیسا بھی ہے وہ ہمارا ہے، اپنا ہے اور پیارا بھی ہے کہ اختلاف تو زندگی کا حسن ہے۔ اس سے اختلاف تو ہوتا ہے اور یقیناً ہوتا بھی رہے گا۔ لیکن اس سے دشمنی اور مخالفت یقیناً نہ کبھی تھی نہ کبھی ہوگی کہ ایسا ممکن نہیں ہے۔ دریا کے دوسرے کنارے پر کھڑا وہ شخص میرا ہمراز ہے اور ہمزاد بھی کہ وہ شہزاد ہے اور یوں اپنا گرائیں ہے۔ تو رب اسے سلامت رکھے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تجھے آڑے۔۔۔۔۔ممتاز غزنی

پروفیسر محمد ایاز کیانی

ممتاز غزنی سے میرا پہلا تعارف ان کی کتاب ''سیپیں لوٹا دو'' کے توسط سے ہوا۔ اس کتاب نے مجھے اپنے سحر میں جکڑ لیا چونکہ دراصل یہ کتاب ہم سب کے بچپن کے واقعات اور حالات کا خوب احاطہ کرتی ہے۔ اگرچہ اس طرح کے حالات سے ہماری نسل کا ہر آدمی گزرتا ہے مگر چیزوں کو یاد رکھنا کوئی ممتاز غزنی سے سیکھے۔ پھر یہی کتاب مجھے صاحب کتاب تک لے گئی۔ ممتاز غزنی سے لاہور میں ملاقات ہوئی۔ بظاہر چپ چاپ رہنے والے ممتاز غزنی کے بارے میں یہ معلوم ہوا کہ وہ محمود غزنوی کے بجائے غزنی کیسے ہو گئے۔ علوم اسلامیہ میں ماسٹر کرنے والے ممتاز غزنی کا ظاہری حلیہ مولویوں جیسا ہی ہے مگر اپنی تحریروں میں پورے سلطان گیلانی لگتے ہیں۔ آپ ہمہ پہلو اور ہمہ جہت ادیب ہیں۔ ادب کی تقریباً ہر صنف پر آپ نے طبع آزمائی کی ہے۔ آپ اردو اور پہاڑی دونوں زبانوں میں خوب لکھتے ہیں مگر لاہور جیسے شہر میں رہ کر پہاڑی زبان و ادب سے ناطہ قاری کو حیرت میں ضرور مبتلا کر دیتا ہے۔ مصنف کو اپنی دھرتی، اپنی زبان اور اپنی قدروں سے گہری محبت ہے۔ ممتاز جس سرعت کے ساتھ قلم تھام کر کوشاں ہیں، اگر وہ اسی شاہراہ پر اسی رفتار سے گامزن رہے تو وہ دن دور نہیں ہے کہ وہ کئی درجن کتابوں کے مصنف ہوں گے۔

مصنف کی سب سے بڑی خوبی ان کا باکمال حافظہ ہے وہ جزئیات کے ساتھ پرانے واقعات، لوگوں، رسم و رواج اور پہاڑی کے لفظ یاد رکھتے ہیں۔ جو قاری کے لیے خوش گوار حیرت کا باعث ہے۔ ادیب اور شاعر معاشرے کے حساس لوگ ہوتے ہیں لہٰذا وہ عام لوگوں کے برعکس چیزوں کو بہت باریکی سے دیکھتے ہیں۔ دھیمے اور میٹھے انداز میں بات کرنے والے ممتاز غزنی کا مشاہدہ بھی کمال ہے۔ وہ بظاہر بالکل معمولی باتوں کو بھی نہایت خوبی اور باریکی سے دیکھ اور پرکھ لیتے ہیں۔ جنہیں عام لوگ عموماً نظر انداز کر دیتے ہیں۔ مصنف کو جذبات نگاری کا ہنر بھی خوب آتا ہے۔ آپ کی تحریر پڑھتے ہوئے قاری کی آنکھیں کئی بار نم ہو جاتی ہیں۔ ''تجھے آڑے'' مصنف کی آٹھویں کتاب ہے جو زیور طبع سے آراستہ ہوئی جبکہ پانچ مزید کتابیں پائپ لائن میں ہیں۔ مذکورہ کتاب مصنف کی پہاڑی کہانیوں پر مشتمل تصنیف ہے۔ اس تصنیف میں کل 24 کہانیاں ہیں۔ پہلی دو کہانیاں پرندوں کی زبانی بیان ہوئی ہیں۔ جن میں کئی سبق پنہاں ہیں۔ معاشرتی ظلم سے تنگ آ کر سانپ ہجرت کر لیتا ہے جہاں اسے اپنے جیسا ایک خصلت بدل جاتا ہے جو ظالم سماج کے مقابلے میں اس کی دلجوئی کرتا ہے۔ چونکہ وہ خود بھی معاشرے کا ستایا ہوا ہوتا ہے۔ دوسرے افسانے ''بے بخ'' میں مصنف اپنا فلسفہ پیش کرتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ جب لوگ اللہ کی نافرمانی کرتے ہیں تو مگر فیران پر مسلط ہو جاتے ہیں۔ کوے کی ٹیچ میں انسانوں کے لیے سبق پوشیدہ ہے۔ ''کلی مید'' میں مصنف ناسٹیلجیائی ماضی کی حسین یادوں میں کھو جاتا ہے۔ جب ہر طرف غربت تھی مگر کچے گھروں کے باوجود لوگ پکے اور کھرے ہوا کرتے تھے۔ معاشی بدحالی کا دور تھا، خلوص، ہمدردی اور محبت عام تھی۔ چھوٹی چھوٹی خوشیاں انسانوں کو سرشار رکھتی تھیں۔ ''ماپیو'' میں ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ماں باپ کی تربیت کا اثر اولاد پر ہو یہ ضروری نہیں ہے۔ ایک سبق اور بھی ملتا ہے کہ اگر کسی وجہ سے بڑے بڑے کاموں میں ملوث ہوں تو ضروری نہیں ہے کہ چھوٹے بھی اس کی پیروی کریں۔ اور اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت کے نور سے منور کرتا ہے۔ جان ہارنی تے بندوق پیاری مصنف کا ایک اور شاہکار افسانہ ہے جس میں بتایا جاتا ہے کہ غرور، تکبر، دولت اور ثروت کے ہوتے ہوئے انسان بعض اوقات اپنے جامے سے باہر ہو جاتا ہے مگر جب جوانی ڈھل جاتی ہے اور پیسہ ختم ہوتا ہے تو انسان کو اپنی اوقات کا پتہ چلتا ہے۔ ہمارے سماج میں ایسے بے شمار کردار پائے جاتے ہیں۔ ''بوکا'' مصنف کا ایک اور خوبصورت افسانہ ہے جس میں مصنف ایک فقیر کے منہ سے یہ باریک نکتہ سمجھاتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ ضروری نہیں ہے کہ سارے لوگ عادی اور پیشہ ور بھکاری ہوں بعض اوقات حقیقی ضرورت مند بھی ملتے ہیں۔ ان فقیروں کی زندگی دراصل حضرات کی آزمائش بھی ہوتی ہے۔ ایک اور کہانی ''مویٰ'' جس میں بتایا گیا ہے کہ انسانی زندگی میں مقصدیت کی کتنی اہمیت ہے۔ اگر زندگی میں کوئی مقصد نہ ہو تو زندگی کی ڈور جلد ہی کٹ جاتی ہے۔ مصنف خود زیادہ بڑی عمر کا نہیں ہے مگر ماضی اس کی زندگی کا سب سے نمایاں پہلو ہے وہ اپنے ماضی کو ہمیشہ گلے کا ہار بنائے رکھتا ہے۔ لگتا ہے فقیر قدروں اور ماضی کے خلوص محبت سے رومانس ہے۔ وہ کہیں نہ کہیں حال سے ماضی میں چلا جاتا ہے اور اس دور کو یاد کرتا ہے۔ ''منجھے'' بھی اس کی ماضی کی یاد کے حوالے سے ایک خوبصورت کہانی ہے۔

ایسے ہے ہر زمانے سے وفا مانگتا ہے
دل بھی سادہ ہے خلاؤں میں ہوا مانگتا ہے

رشتوں کی کشش اور اپنے وطن اور گاؤں گوٹھ کی سچی محبت مصنف کے رگ و پے میں رچی بسی ہے۔ مصنوعی زندگی زیادہ عرصے تک اپنا سحر قائم نہیں رکھ سکتی جلد یا بدیر انسان حقیقی دنیا میں واپس آ جاتا ہے۔ ''میک'' بھی مصنف کی ایک ایسی ہی کہانی ہے۔ ''کرونا'' ایک موذی مرض تھا مصنف خود بھی ناگہاں اس کا شکار رہا اس کہانی میں مصنف شاید یہ کہنا چاہ رہے ہیں کہ یہ بیماری ہماری ہی بداعمالیوں اور کوتاہیوں کا صلہ ہے کہ ہمیں اس آزمائش سے گزرنا پڑا۔ ''ٹابٹس'' مصنف کی ایک اور کہانی ہے اس کے ذریعے وہ سماجی تربیت کا فریضہ سرانجام دیتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ اگر ہم دوسروں کا حق ماریں گے تو ضرور مکافات عمل کا شکار رہیں گے۔ مصنف خود بھی طویل ماہ و سال سے اپنے گاؤں اور علاقے سے دور ہے۔ لہٰذا اس کے نزدیک ہر پردیسی کا دکھ بہت بڑا المیہ ہے۔ جب بندہ اپنوں کی خوشی غمی میں شرکت سے محروم رہتا ہے اور کئی دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ خواہشات کی تکمیل کے دوران پردیسیوں کی زندگی کا چراغ بھی گل ہو جاتا ہے اور ان کی جگہ ان کا تمبا ایئرپورٹ سے وصول کیا جاتا ہے۔ ''طریباتے کہن'' مصنف کی ایک اور کہانی ہے جو دکھوں اور غموں کا مجموعہ ہے۔ ایسے لگتا ہے کہ حساس دل مصنف کو شدت کے ساتھ معاشرتی اونچ نیچ اور غربت کا احساس ہوتا ہے اور بعض اوقات یوں لگتا ہے کہ مصنف دکھوں اور غموں کا بیوپاری ہے جس کا کاروبار یہی دکھ ہیں۔ شاید ممتاز غزنی کی تحریر کا سب سے نمایاں پہلو ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ سارے جہاں کا درد اس کے جگر میں ہے وہ سماج کے دکھوں کا ٹوکرا اٹھائے انہی کا بیوپار کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ فیض نے کیا خوب کہا تھا

زندگی کیا کسی مفلس کی قبا ہے
جس میں ہر گھڑی درد کے پیوند لگے جاتے ہیں

''ضمیر فروش'' مصنف کی ایک ایسی کہانی ہے جس میں ضمیر کی اہمیت کا احساس ملتا ہے اگر انسان کا ضمیر زندہ ہے تو اسے حلال حرام اچھے برے کی تمیز رہے گی ورنہ اس کے لیے یہ سب کچھ بے معنی ہے۔ کرونا کی تباہ کاریاں اپنی جگہ مگر غریب کے نزدیک بس دو وقت کی روٹی ہی منتہائے زندگی ہوتا ہے۔ ''تجھے آڑے'' میں پرانے دور کی روایتی ساس کی سوچ کی عکاسی کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں وہ اپنے بچے اور بہو کو خوش دیکھنے کے بجائے تیکھے آڑے کی طرح تنگ رکھتی ہے۔ جب تک یہ سوچ تبدیل ہوتی ہمارے گھروں میں ناچاقی، بدامنی اور بے سکونی کا بسیرا رہے گا۔ ''وارث'' ہمارے سماج کی ایک تلخ حقیقت کا دلنشیں اظہار ہے۔ ہمارے ہاں اولاد نرینہ کی تلاش میں انسان کیا کچھ کرتا ہے اور بعض اوقات سنگی لوڑی ان، اولاد دینی آزمائش بھی بن جاتی ہے۔ میر اور ناصر کاظمی کی طرح قلم بھی ممتاز غزنی کی تحریروں کا نمایاں وصف ہے۔ ''اگ'' بھی اسی طرح کی ایک کہانی ہے۔ مجھے نہیں معلوم پہاڑی زبان میں لکھی ممتاز غزنی کی کہانیاں فنی نزاکتوں پر کہاں تک پورا اترتی ہیں یہ انہی کا کام ہے جن کے حوصلے ہیں زیادہ مگر ممتاز نے اپنی کہانیوں کے ذریعے سماجی اور معاشرتی ناہمواریوں، غربت، افلاس، جہالت، پردیس کے غموں سمیت دیگر کئی مسائل پر خوبصورت اور دلنشیں پیرائے میں اظہار خیال کیا ہے۔ ان کی تحریر میں بلا کی روانی ہے اور انہیں پڑھتے ہوئے کہیں بھی ابلاغ کا مسئلہ درپیش نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ ان کے قلم میں مزید برکت دے۔ کہ انہیں قلم کے مزدور کے طور پر اس کا اجر پورا ملے۔

سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر میں نئے عدالتی سال کے آغاز کی تقریب

مشعل امید
راجہ محمد سہیل خان
rajasohailkhan@gmail.com

کسی بھی معاشرے کو بگاڑ سے بچانے کے لیے عدل و انصاف کے نظام اور منصفین کے غیر جانبدارانہ اور درست فیصلے نہایت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ عدلیہ، ریاست کی بنیادی اکائیوں میں سے ایک ہے جس کا کام آئین کی تشریح اور ان کا نفاذ یقینی بنانا ہے۔ قوانین بنانا مقننہ کی ذمہ داری ہوتی ہے اور قوانین کے نفاذ کو یقینی بنانا انتظامیہ کا کام ہے جبکہ عدلیہ قوانین کی ترجمانی کرتی ہے اور ان کا اطلاق ہر معاملہ کے حقائق پر ہوتا ہے۔ عدلیہ کے نظام میں حتمی اپیل کی عدالت سپریم کورٹ ہے جسے ''آئینی عدالت'' بھی کہا جاتا ہے۔ سپریم کورٹ انصاف کی فراہمی کا آخری فورم ہے اس لیے اس کے فیصلے نچلی عدالتوں میں بطور مثال پیش کیے جاتے ہیں۔ آئین کے آرٹیکل 42 کے تحت سپریم کورٹ کے فیصلوں پر عملدرآمد ریاست کے تمام اداروں کی ذمہ داری ہے۔ آزاد کشمیر کی عدلیہ نے ہمیشہ آئین کی بالادستی، انصاف کی فراہمی اور قانون کی عملداری یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ریاستی عدلیہ کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ اس نے اپنے بروقت فیصلوں سے فوری اور سستے انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے۔ موجودہ چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان نے جب سے چیف جسٹس کا عہدہ سنبھالا ہے ان کی کوشش رہی ہے کہ زیادہ سے زیادہ مقدمات کے بروقت فیصلے کیے جائیں اور کوئی بھی مقدمہ چاہے وہ کسی بھی نوعیت کا ہو غیر ضروری تاخیر کا شکار نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ سپریم کورٹ نے گزشتہ عدالتی سال میں 3 ہزار مقدمات کے تاریخ ساز فیصلے کیے اور موسم گرما کی تعطیلات کے دوران بھی سپریم کورٹ میں روزانہ کی بنیاد پر مقدمات کی سماعت ہوتی رہی۔ سپریم کورٹ میں اس وقت 2022 سے پرانا کوئی بھی مقدمہ زیر کار نہیں ہے، جبکہ 2022 کے بھی صرف چار مقدمات زیر کار ہیں جن کے جلد فیصلے متوقع ہیں۔

آزاد جموں وکشمیر سپریم کورٹ کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ وہ ہر عدالتی سال کے اختتام پر مقدمات کی سماعت سے قبل ایک پروقار تقریب کا انعقاد کرتے ہوئے گزشتہ سال کی کارکردگی کا جائزہ لے کر آئندہ سال کا لائحہ عمل طے کرتی ہے۔ اس تقریب میں تمام بار کونسلز کے ممبران اور وکلا شریک ہوتے ہیں اور انصاف کے نظام میں مزید بہتری کے لیے اپنی تجاویز بھی پیش کرتے ہیں جبکہ تقریب کے اختتام پر مقدمات کی سماعت بھی حسب معمول ہوتی ہے۔ عدالتی سال 2024 کے اختتام اور نئے عدالتی سال 2025 کے آغاز پر سپریم کورٹ آف آزاد جموں وکشمیر میں منعقدہ یہ تقریب اس لیے بھی اپنی نوعیت کی منفرد تقریب تھی کہ چیف جسٹس راجہ سعید اکرم خان بطور چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر مسلسل پانچویں مرتبہ اس تقریب کی صدارت کر رہے تھے۔ تقریب میں سینئر جج سپریم کورٹ جسٹس خواجہ محمد نسیم، جج سپریم کورٹ جسٹس رضا علی خان، سینئر جج عدالت العالیہ جسٹس سردار لیاقت شاہین، جج عدالت العالیہ جسٹس سید شاہد بہار، چیئرمین سروس ٹریبونل راجہ طارق جاوید، چیئرمین اپیلٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو شیخ راشد مجید، چیئرمین ماحولیاتی ٹریبونل راجہ راشد، چیئرمین الیکشن ٹریبونل حافظ اکرم، صدر سپریم کورٹ بار راجہ سجاد احمد خان، وائس چیئرمین بار کونسل اشفاق حسین کاظمی، ایڈووکیٹ جنرل شیخ مسعود اقبال، سیکرٹری قانون، انصاف و پارلیمانی امور چوہدری وحید الحسن، اراکین بار کونسل، عہدیداران سپریم کورٹ بار، صدور و ممبران ہائی کورٹ بار، سینٹرل بار، ڈسٹرکٹ بار میرپور، راولاکوٹ، آفیسران، رجسٹرار و آفیسران سپریم کورٹ سمیت وکلا کی بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔ عدالتی سال کے آغاز کی اس تقریب سے اپنے خطاب میں چیف جسٹس آزاد جموں وکشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان کا کہنا تھا کہ عدالتی سال کے آغاز پر ہم سب کا مل بیٹھنا ایک آزاد، خودمختار، غیر جانبدار مضبوط اور باوقار عدلیہ کی بنیاد اور ضمانت ہے۔ عدلیہ ہو یا انتظامیہ یا مقننہ سب کا اولین فرض اور ذمہ داری عوام کے مسائل کا حل اور ایک فلاحی ریاست اور معاشرہ کا قیام ہے۔ انصاف پر مبنی معاشرہ کے قیام کے لیے تمام ریاستی اداروں اور افراد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوتا ہے۔ جمہوری اقدار کا تقاضا ہے کہ ریاستی شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، گڈ گورننس، بلا تخصیص فراہمی انصاف، معاشی، مساوات، صحت، تعلیم اور روزگار کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ آئین اور قانون کی پاسداری کا حلف لینے کے بعد ہماری آئینی ذمہ داری بنتی ہے کہ ایسے مقدمات جو ہمارے روبرو پیش کیے جائیں ان میں فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں اور جہاں بھی آئین اور قانون کی خلاف ورزی ہو رہی ہو اس کا نوٹس لیں۔ ہمیں بھی اپنی سالانہ کارکردگی عوام کے سامنے رکھنا ہوگی تاکہ عدالتوں پر عوام کا اعتماد اور بھی زیادہ پختہ ہو۔ خود احتسابی وقت کی اہم ترین ضرورت ہے اس سے ریاست میں امن، ترقی اور خوشحالی کے راستے کھلیں گے۔ جج خواہ کسی بھی عدالت کا ہو اس کے کاندھوں پر انصاف فراہم کرنے کی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ بغیر کسی خوف، رغبت، دباؤ یا تعلق کے بغیر منصفانہ اور آزادانہ فیصلے انصاف کے اصولوں کے مطابق کریں۔

آزاد جموں وکشمیر میں اعلیٰ عدالتوں نے اپنے فیصلوں میں زریں اصول وضع کر رکھے ہیں جو فراہمی عدل میں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔ مجھے امید ہے کہ آئندہ بھی ہماری عدلیہ اسی طرح انصاف پر مبنی غیر جانبدارانہ اور دلیرانہ فیصلوں کی بنا پر آنے والی نسلوں کے لئے انصاف پر مبنی ایک مضبوط اور جمہوری معاشرہ کی بنیاد فراہم کرتی رہے گی۔ سپریم کورٹ نے گرمائی تعطیلات کے دوران بھی عدالتی کام جاری رکھا اور 48 مقدمات میں فیصلے صادر کیے۔ سپریم کورٹ میں اس وقت 2022 کے چار، 2023 کے کل 50 کے لگ بھگ مقدمات زیر کار ہیں جبکہ 2024 میں دائر شدہ مقدمات کی سماعت ہو رہی ہے۔ 14 اکتوبر 2024 کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ عدالتی سال کے دوران سپریم کورٹ میں کل 2980 مقدمات کے فیصلے ہو چکے ہیں۔ کرنٹ ڈسپوزل کی یہ مثال شاید ہی جنوبی ایشیا میں کسی دوسری ریاست کی سپریم کورٹ میں ملے۔ ہائی کورٹ اور ماتحت عدلیہ کی کارکردگی بھی تسلی بخش اور مانیٹرنگ کا نظام نہایت ہی موثر ہے۔ ہیڈ کوارٹر کے علاوہ ہائی کورٹ کے سرکٹ بنچوں میں بھی سرعت کے ساتھ فیصلے ہو رہے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے ایڈووکیٹ جنرل، بار کونسل اور جملہ بار ایسوسی ایشنز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے وکلا کو معاشرہ میں قانون کی حکمرانی کے لئے ایک مشعل قرار دیا اور کہا کہ وکلا پوری تیاری سے عدالتوں کی معاونت کریں تاکہ زیادہ بہتر اور موثر فیصلہ جات صادر ہو سکیں۔ آئین کے تحت سپریم کورٹ کے فیصلوں اور احکامات پر عملدرآمد تمام ریاستی اداروں کی آئینی ذمہ داری ہے۔ کوئی بھی ادارہ یا فرد آئین سے بالاتر نہیں ہے۔ عدلیہ، انتظامیہ اور مقننہ ریاست کی وہ بنیادی اکائیاں ہیں جن کی الگ الگ آئینی حدود و قیود مقرر ہیں۔ تینوں اداروں کی ذمہ داریاں الگ اور مختلف نوعیت کی ہیں۔ جب بھی کوئی ریاستی ادارہ اپنی آئینی حدود سے تجاوز کرتا ہے یا دوسرے اداروں کی ڈومین میں مداخلت کرتا ہے تو ایسی صورت میں مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

سپریم کورٹ کے بڑے اور عوامی مفاد کے مقدمات / فیصلوں کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ مقدمہ عنوانی ''محمد عظیم بنام راجہ خادم حسین وغیرہ'' میں میرپور ماسٹر پلان کی خلاف ورزی اور غیر قانونی قبضہ مافیا کے خلاف احکامات جاری کیے ہیں۔ ریاستی ادارے اس معاملہ میں اپنا آئینی کردار ادا کرتے ہوئے سپریم کورٹ کے احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ محکمہ اوقاف کے زیر انتظام اولیائے کرام کے مزارات سے حاصل شدہ آمدنی، زائرین کو حاصل سہولیات، مزارات سے منسلکہ تجارتی مراکز سے متعلق مالی بے ضابطگیوں اور دیگر بہت سی بدانتظامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے محکمہ اوقاف کی کروڑوں روپے مالیت کی وقف جائیدادوں پر غیر قانونی قبضہ جات واگزار کروانے کے لئے مقدمہ عنوانی ''مرزا افضل بنام سیکرٹری محکمہ اوقاف وغیرہ'' میں ہدایات جاری کیں اور اپنے فیصلہ میں متعدد اہم ترین معاملات کی نشاندہی کرتے ہوئے چار ماہ کے اندر تفصیلی رپورٹ طلب کی۔ سپریم کورٹ کے اس فیصلہ پر حکومت کی جانب سے مثبت پیش رفت ہوئی ہے۔ امید ہے کہ اس فیصلہ پر من وعن عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ ایک اور مقدمہ میں آزاد جموں وکشمیر میں ملاوٹ شدہ دودھ اور غیر معیاری اشیائے خورد و نوش کی فروخت کے خلاف کارروائی کا حکم دیا اور یہ امر انتہائی حوصلہ افزا ہے کہ ریاستی اداروں نے عدالتی احکامات پر عمل کرتے ہوئے پورے آزاد جموں وکشمیر میں ایسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کیا ہے اور ایسے تجارتی مراکز کو سیل کیا۔ سپریم کورٹ کے حکم پر وزیراعظم آزاد کشمیر کی خصوصی دلچسپی سے دودھ اور دیگر ملاوٹ شدہ اشیاء کی چیکنگ کے لئے پہلے فوڈ ٹیسٹنگ لیبارٹریاں قائم کی گئیں یا آزاد کشمیر میں پہلی بار فوڈ اتھارٹی کا قیام بھی عمل میں آ چکا ہے جو قابل ستائش ہے۔ سپریم کورٹ میں موصولہ اتفاق سٹون کریشرز کے مقدمہ میں فیکٹ فائنڈنگ رپورٹ سے معلوم ہوا کہ اربوں روپے کی آمدنی والے کریشنگ پلانٹ محض گیارہ لاکھ روپے سالانہ ٹیکس دے رہے تھے۔ سپریم کورٹ نے تمام آلودگی پھیلانے والے کریشنگ پلانٹ بند کرنے کا حکم دیا اور سالانہ ریونیو کے بارہ میں محکمہ صنعت و حرفت اور دیگر متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کیں اور اس سلسلہ میں ماہانہ رپورٹ طلب کی۔ گزشتہ ڈیڑھ سال کے عرصہ میں موصولہ رپورٹوں کے مطابق اس وقت تک آزاد کشمیر میں کریشنگ سٹون کی صنعت سے 17 کروڑ کے لگ بھگ ریونیو خزانہ سرکار میں جمع ہو چکا ہے۔ میرپور میں سپریم کورٹ کی سٹیٹ آف دی آرٹ بلڈنگ کی تعمیر کا منصوبہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کر لیا گیا ہے۔ ریاست کو درپیش مالیاتی مسائل کے پیش نظر عمارت کا مجموعی حجم مجوزہ نقشے میں دی گئی شرح بہمات کو مدنظر رکھتے ہوئے ممکنہ حد تک کم کرنے کا حکم دیا ہے تاکہ اس قومی منصوبہ کی تعمیر میں بھی قومی مالیاتی بچت کو ملحوظ رکھا جائے۔

چیف جسٹس کا کہنا تھا کہ 2025 میں سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر کے قیام کو پچاس سال مکمل ہو رہے ہیں۔ یہ موقع ایک جانب ہمارے لئے ایک تاریخی سنگ میل عبور کرنے پر دلی خوشی اور اطمینان کا باعث ہے جب کہ دوسری جانب اس امر کا متقاضی بھی ہے کہ اس موقع پر ہم سب مل بیٹھ کر نظام فراہمی انصاف میں اب تک کے تجربہ کو سامنے رکھتے ہوئے مستقبل کے لئے ٹھوس منصوبہ بندی اور حکمت عملی کی بنیاد رکھیں تاکہ ریاست کے اس اعلیٰ ترین ایوان عدل کے قیام کی 50 سالہ گولڈن جوبلی تقریبات کا انعقاد کرتے ہوئے ہماری آئندہ نسلیں اپنے آباؤ اجداد کی تاریخ پر فخر کر سکیں۔ ہمیں اس موقع پر یہ بھی سوچنا ہوگا کہ تحریک آزادی کشمیر کے بیس کیمپ میں ہم نے نظام فراہمی انصاف میں بہتری کے لئے کیا کردار ادا کیا۔ کن نشیب و فراز کا سامنا رہا، بھارتی مقبوضہ جموں وکشمیر کی آزادی کے لئے ہمارا کیا کردار رہا ہے اور آج ہم کہاں کھڑے ہیں۔

سپریم کورٹ آزاد جموں وکشمیر کی پچاس سالہ گولڈن جوبلی تقریب میں آپ کی بھرپور شرکت مقبوضہ کشمیر میں آزادی کی جدوجہد کے لئے ہزاروں قربانیاں پیش کرنے والے ہمارے بھائیوں اور بہنوں کے لئے ایک مثبت پیغام بھی ثابت ہوگی۔ آزاد ریاست کی اپنی سپریم کورٹ ہے جو باشندگان ریاست کے حقوق کی محافظ ہے اور ان کے تمام فیصلے ریاست کے اندر ہوتے ہیں اس کے برعکس مقبوضہ کشمیر کے معصوم عوام کی زندگیوں کے فیصلے دہلی میں ہوتے ہیں۔ پاکستان کی عوام اور اداروں نے ہمیشہ سے ہی کشمیریوں کے حق خود ارادیت کی بھرپور عسکری، اخلاقی، سفارتی جدوجہد میں مدد کی ہے۔ پاکستان کشمیریوں کا سفیر اور مددگار ہے۔ مقبوضہ کشمیر کی بھارت سے آزادی کے لئے کشمیریوں کے ساتھ جو طاقت ہر وقت کھڑی رہی ہے اور مستقبل میں بھی کھڑی رہے گی وہ پاکستان ہے۔ کشمیری قوم نے بھی ہمیشہ سے پاکستان سے بے پناہ محبت کی ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے مسلمان پاکستان کا قومی پرچم اپنے جسم پر لپیٹ کر شہادت کے رتبے پر فائز ہوتے رہے ہیں اور اسی سبز ہلالی پرچم کو کفن بنا کر دفن ہونا پسند کرتے ہیں۔ پاکستان کی جغرافیائی اہمیت اور نظریات کی وجہ سے مختلف محاذوں پر عالمی استعمار نے اپنے مفادات کی خاطر اس ملک کو میدان جنگ بنانے کی کوشش کی۔ لیکن ہماری بہادر مسلح افواج اور پالیسی ساز اداروں نے ہمیشہ نہایت دلیری، فہم، فراست، تدبیر و ہمت کے ساتھ دشمن کے عزائم خاک میں ملائے۔

اس موقع پر میں تمام ریاستی اداروں، مسلح افواج اور پاکستان کے عوام کو بھی پیغام دینا چاہتا ہوں کہ کشمیری ہر حال میں پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ تمام ریاستی اداروں اور افراد کو چاہیے کہ انفرادی اور اجتماعی طور پر پاکستان کے استحکام، مذہبی و ملی یکجہتی اور باہم اتحاد و یگانگت کے لئے اپنا کردار ادا کریں اور تمام ادارے اپنی اپنی آئینی حدود میں رہ کر صرف اور صرف استحکام پاکستان، ترقی، خوشحالی اور مضبوطی کے لئے جدوجہد کرنا ہوگی۔ میڈیا اپنی حدود و قیود کا خیال رکھتے ہوئے لوگوں کو شعور و آگہی بہم پہنچانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ خبروں کی اشاعت سے پہلے تصدیق کی جائے۔ عدالتی ریمارکس کی غلط تعبیر و تشریح سے بے چینی پیدا کر کے یہ ایک جانب ریاست کے اعلیٰ ترین اداروں اور افراد کے مابین غلط فہمی کا سبب بنتا ہے جب کہ دوسری جانب ایسی غلط معلومات کی اشاعت سے عوام کا ریاستی اداروں پر اعتماد متزلزل ہو جاتا ہے۔ اس طرح کا طرز عمل قابل گرفت ہے اور ایسے میڈیا چینلز یا اخبارات کو چاہیے کہ عدلیہ سے متعلق کسی بھی قسم کا مواد نشر کرنے یا پروگرام چلانے سے پہلے اس کی تصدیق کر لیں۔ آئیے ہم سب مل کر عہد کریں کہ ہم نئے عدالتی سال کے دوران اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے فراہمی انصاف کے لئے اپنی خدمات سرانجام دیں گے۔

تقریب سے اپنے خطاب میں صدر سپریم کورٹ بار راجہ سجاد احمد خان کا کہنا تھا کہ آج گزشتہ سال کے اہداف کا اعادہ کرتے ہوئے آئندہ سال کے اہداف کا تعین کرنے کا دن ہے۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ گزشتہ سال میں عدالت العظمیٰ نے تین ہزار مقدمات کے فیصلے کیے اور اس وقت سپریم کورٹ میں ایک سال سے پرانا کوئی کیس زیر کار نہیں۔ سپریم کورٹ انصاف کی فراہمی کا آخری ادارہ ہے جہاں لوگوں کے حقوق اور سزا و جزا کے فیصلے ہوتے ہیں۔ اس کے وقار اور خود مختاری کے لیے وکلا اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے تاکہ اس کی خود مختاری، غیر جانبداری اور وقار پر کوئی حرف نہ آئے۔ آزاد کشمیر میں بار اور بنچ کے تعلقات مثالی ہیں۔ سپریم کورٹ بار نے گزشتہ ایک سال میں مختلف پروگرام منعقد کروائے جن میں سپریم کورٹ کے آفیسران اور سٹاف کی بھرپور معاونت حاصل رہی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چیئرمین بار کونسل سید اشفاق حسین کاظمی کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ نے عدالتی سال کے دوران مقدمات کے ریکارڈ فیصلے کیے۔ بار اور بنچ ایک گاڑی کے دو پہیے ہیں۔ بار اور بنچ کا تعلق مضبوط نہ ہو تو انصاف کی فراہمی کی یہ گاڑی نہیں چل سکتی۔ آزاد کشمیر سپریم کورٹ کی تاریخ اور کارکردگی ہمیشہ شاندار رہی ہے اور ہماری سپریم کورٹ کبھی تنازعات کا شکار نہیں ہوئی۔ عوامی نوعیت کے معاملات میں سپریم کورٹ نے تاریخ ساز فیصلے کیے۔ انہوں نے بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی اور آئین کے تحفظ کے لیے بار کونسل کی جانب سے مکمل تعاون کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

تقریب سے اپنے خطاب میں ایڈووکیٹ جنرل شیخ مسعود اقبال نے کہا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے عدالتی سال کے آغاز پر یہ مسلسل آٹھویں تقریب منائی جا رہی ہے۔ جس کا کریڈٹ چیف جسٹس سپریم کورٹ جسٹس راجہ سعید اکرم خان کو جاتا ہے۔ عدالتی سال منانے کا مقصد کارکردگی کا جائزہ لینا اور اس جائزے کی روشنی میں آئندہ کے اہداف کا تعین کرنا اور نتائج کے حصول کے لئے حکمت عملی وضع کرنا بھی ہے تاکہ ہم قانون کی عملداری پر اپنے مستقبل کے نتائج حاصل کر سکیں۔ ہماری اعلیٰ عدلیہ کی بہت اچھی تاریخ ہے۔ جہاں جج صاحبان بلا خوف و خطر اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں اور بغیر کسی رکاوٹ کے فوری انصاف کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں۔ سپریم کورٹ کی گزشتہ سال کی کارکردگی قابل ستائش اور اطمینان بخش ہے۔ ریاست کی اعلیٰ عدلیہ نے آئین و قانون کی حکمرانی، میرٹ کی بالادستی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے ہمیشہ موثر اور مثالی اقدامات اٹھائے۔ زیر سماعت مقدمات میں فوری فیصلوں کی روشنی میں عام آدمی کے عدالتوں پر اعتماد کو تقویت ملی۔ آج ہم سب یہ عہد کرتے ہیں کہ فوری اور سستے انصاف کی فراہمی، غیر جانبدارانہ اور آزادانہ فیصلے، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور اعلیٰ پیشہ ورانہ اصولوں کی بجا آوری کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

کسی بھی معاشرے، سلطنت اور حکمران کے اقتدار کی بقا کے لیے عدل و انصاف کا نظام ناگزیر ہے۔ ہمارے مذہب کی معاشرتی تعلیمات میں عدل و انصاف کو بڑی اہمیت دی گئی ہے۔ رسول اللہ نے انصاف کرنے والوں کی بڑی فضیلت بیان فرمائی ہے۔ صحیح مسلم میں رسول اللہ سے روایت ہے وہ لوگ جو انصاف کرنے والے ہیں وہ قیامت کے دن اللہ رحمٰن کے دائیں جانب نور کے منبروں پر ہوں گے اور یہ وہ لوگ ہیں جو دنیا میں اپنے فیصلوں میں، اپنے متعلقین میں اور اپنے ماتحتوں اور ذمہ داریوں کے لحاظ سے عدل و انصاف سے کام لینے والے تھے۔ آزاد کشمیر کی عدلیہ کا ماضی تابناک، حال شاندار اور مستقبل روشن ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے معاشرے کو عدل و انصاف کا گہوارہ بنا دے اور ہر فرد کو انفرادی طور پر بھی اپنے دائرہ اختیار میں عدل و انصاف کا پابند بنا دے۔ آمین!!

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں
(ادارہ)......

کیپٹن حسین خان شہید

عہد غلامی میں خوب ہی کمال کیا ہمارے اسلاف نے
تاج ہری سنگھ کا مٹی میں ملا دیا ہمارے اسلاف نے
حسین نے دکھایا غلام قوم کی سپاہ کا قائد بن کر
اٹھی پھر ساری قوم خلاف ڈوگرہ کے مجاہد بن کر
آزادی کے لیے کیا مجاہدوں کو تیار حسین خان نے
کیا دشمن قوتوں کے عزائم کو تار تار حسین خان نے
حسین خان کی کمان کا انداز ہی کچھ نرالا تھا
سب محاذوں پہ حسین خان کا ہی بول بالا تھا
مشن آزادی میں رکاوٹ ڈالی وطن دشمن غداروں نے
ابن الوقت منافقوں نے ان سب آستین کے ماروں نے
کام بہت مہارت و علم سے لیا پوتا حسین نے
تاریخ اسلاف اصل کو اجاگر کیا پوتا حسین نے
بکھرے تاریخ کو اوراق قرطاس پہ پوتا حسین
اسلاف کے کارناموں کو کرے اجاگر پوتا حسین
پوتا حسین نسل نو کو خوب حوصلہ دیتا جائے
پوتا حسین مشن شہیدوں کو اپنا بتاتا جائے
پوتا حسین نے کیا مرتب جماعت کا منشور مثالی
تھا قوم کو کرنے میں ہے وہ منشور جامع و حالی
اک مثالی جماعت جماعت بنا رہا ہے پوتا حسین
انقلاب کشمیر متعارف کروا رہا ہے پوتا حسین
اٹھ کمر باندھ اب قوم کھڑی ہے انتظار میں
لگا دے قوم کو مشن حسینی والے افکار میں

☆☆☆

طاہر رتیال کے نام

ملاقات ہوئی جناب طاہر رتیال سے
علم دوست اس بندہ پرور باکمال سے

الیاس جنڈالوی
بے نقاب

رتیال آزاد کشمیر کا اک ہیرہ انمول ہے
کردار میں اس کے نہ تضاد نہ جھول ہے
دیکھی انسانیت طاہر کی پیشانی سے عیاں
شیریں گفتار جناب کی اور شیریں بیاں
اخلاقیات میں اعلیٰ وصف کا افسر بکار
اعلیٰ عہدے سے بہت بالا ہے اس کا کردار
خاندان، قوم، ریاست کا طاہر رتیال فخر
کسی اعلیٰ اخلاقی مہر کا ہے مثالی شجر
حق گوئی میں طاہر نے پایا ہے ارفع مقام
صدیوں چلے گا ان شاء اللہ طاہر کا نام
نام کی مثل صفات موصوف بھی طاہر
باطن بھی لگا پاک جیسے اس کا پایا ظاہر
اللہ رکھے محفوظ ہر آفت سے محترم رتیال کو
الیاس، حسن اخلاق کے پیکر صاحب جمال کو

☆☆☆

جانی بنوں بیف پلاؤ
لذیذ کھانوں کا واحد مرکز
فری ہوم ڈیلیوری دستیاب ہے
ایک بار ضرور آزمائیں
فیملی کے لیے پردے کا انتظام موجود ہے
پروپرائیٹر: کامران خان اینڈ سنز
0346-5919154 / 0336-8541491
بینک روڈ راولاکوٹ